5450 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمْ أَرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَّيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہیں دیکھا چومتے ہوئے سوائے دو یمانی رکنوں کے۔

5451 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، وَسَالِمٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ إِذَا مَرَّ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ، وَيُخْبِرُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ

حضرت سالم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب ذی الحلیفہ کے مقام سے گزرتے تو رات وہاں گزارتے یہاں تک کہ صبح ہو جاتی اور بتاتے کہ حضور ﷺ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

5452 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے

5448- الحديث سبق برقم: **5447** فراجعه .

5449- الحديث سبق برقم: **5419** فراجعه .

5450- أخرجه أحمد جلد**2** صفحه**89** رقم الحديث: **5622** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر .

5451- الحديث سبق برقم: **5438** فراجعه .

سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ، قَالَ: وَذُكِرَ لِي، وَلَمْ أَسْمَعْهُ، قَالَ: وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ

ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مدینہ والے ذوالحلیفہ سے شام والے جحفہ سے اور نجد والے قرن سے احرام باندھیں۔ فرماتے ہیں: میرے سامنے ذکر ہوا لیکن میں نے اسے باقاعدہ کسی محدث سے سماعت نہیں کیا (یعنی) فرمایا: یمن والے یلملم سے احرام کا آغاز کریں۔

5453 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ

قَالَ: فَأَخْبَرَهُ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا

حضرت سالم اپنے والد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پھلوں کی بیع کھجور کے بدلے کرنے سے منع فرمایا۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سال میں ایک سے زیادہ بار ہونے والی چیزوں یعنی سبزیوں میں رخصت دی۔

5454 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

حضرت سالم نے اپنے والد گرامی سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حسد صرف دو چیزوں میں ہو سکتا ہے ایسا آدمی جس کو اللہ نے مال دیا اور وہ رات اور دن کی گھڑیوں میں اسے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتا ہے اور ایک وہ آدمی جسے اللہ نے قرآن دیا اور وہ دن اور رات کی ساعتوں میں اس کے حقوق ادا کرتا ہے۔

5455 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى نَخْلًا بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے راوی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس کھجوروں کو خریدا بعد اس کے کہ وہ درست کی جا چکی ہیں تو اس کا پھل بیچنے والے کیلئے ہوگا مگر یہ کہ خریدار شرط لگائے اور جس نے غلام بیچا جبکہ اس کی ملکیت میں کچھ مال ہے تو وہ بیچنے والے کا

5453- الحديث سبق برقم: 5393 فراجعه .

5454- الحديث سبق برقم: 5394 فراجعه .

5455- الحديث سبق برقم: 5445 فراجعه .

ہوگا مگر یہ کہ خریدار شرط لگائے۔

5456 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر ارشاد فرمایا: جو نماز جمعہ کے لیے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

5457 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ إِلَى الْمَنْكِبَيْنِ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، وَلَا يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو شروع کیا تو اپنے ہاتھ کندھوں تک اُٹھائے اور جب رکوع کیا' جب رکوع سے سر اُٹھایا لیکن دو سجدوں کے درمیان ہاتھ نہیں اُٹھائے۔

5458 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو جنازہ کے آگے چلتے ہوئے دیکھا۔

5459 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ وَهُوَ يَحْلِفُ بِأَبِيهِ، فَقَالَ: أَلَا إِنَّ اللَّهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: فَوَاللَّهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا بَعْدُ ذَاكِرًا وَلَا آثِرًا

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے باپ کی قسم اُٹھاتے ہوئے سنا تو فرمایا: خبردار! بے شک اللہ تمہیں اپنے باپوں کی قسم کھانے سے منع کرتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: قسم بخدا! میں یہ قسم اس کے بعد نہ یاد رکھتے ہوئے اور نہ بھول کر اُٹھاؤں گا۔

5460 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے راوی ہیں کہ نبی

5456- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 608 قال: حدثنا سفيان .

5457- الحديث سبق برقم: 5397 فراجعه .

5458- الحديث سبق برقم: 5398 فراجعه .

5459- الحديث سبق برقم: 5407 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَاطْلُبُوهَا فِي السَّبْعِ الْبَوَاقِي أَوْ فِي الْوِتْرِ مِنْهَا

کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے خوابوں کو دیکھتا ہوں وہ آخری عشرے کے بارے متفق ہیں پس تم اس (شبِ قدر) کو باقی سات میں یا ان میں طاق راتوں میں تلاش کرو۔

5461 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مغرب و عشاء جمع کرتے ہوئے دیکھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر کرنے میں جلدی ہوتی۔

5462 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کے وقت تم اپنے گھروں میں آگ کو نہ چھوڑا کرو۔

5463 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ لَهُ: الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو سنا جو اپنے بھائی کو حیاء کے بارے نصیحت کر رہا تھا تو اس سے آپ نے فرمایا: حیاء ایمان کا جز ہے۔

5464 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ فَقَالَ: لَا تَلْبَسُوا الْقَمِيصَ، وَلَا السَّرَاوِيلَاتِ، وَلَا الْعَمَائِمَ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ وَرْسٌ وَلَا زَعْفَرَانٌ، وَلَا تَلْبَسُوا الْخُفَّيْنِ، إِلَّا رَجُلٌ لَيْسَتْ لَهُ نَعْلَانِ فَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: محرم کپڑوں میں سے کیا پہن سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قمیص نہ پہنو، پاجامے، پگڑیاں، برقعہ اور ایسے کپڑے جو ورس یا زعفران سے رنگے ہوئے ہوں، موزے بھی نہ پہنو مگر وہ آدمی جس کے پاس جوتے نہ ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ موزوں کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے۔

5461- الحديث سبق برقم: **5399** فراجعه .

5462- الحديث سبق برقم: **5411** فراجعه .

5463- الحديث سبق برقم: **5401** فراجعه .

5464- الحديث سبق برقم: **5402** فراجعه .

5465 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے پھلوں کی خرید وفروخت سے منع کیا حتیٰ کہ وہ پک جائیں۔

5466 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّؤْمُ فِي ثَلَاثٍ: فِي الدَّارِ، وَالدَّابَّةِ، وَالْمَرْأَةِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہوسکتی ہے: گھر (اگر تنگ ہو)، سواری (اگر سرکش ہو) اور بیوی (اگر بچے نہ جنے)۔

5467 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَأْذَنَتْ أَحَدَكُمُ امْرَأَتُهُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا ، قَالَ عَمْرٌو: قَالَ سُفْيَانُ: قَالَ رَجُلٌ: عَنْ نَافِعٍ، فَسَّرَهُ أَنَّهُ بِاللَّيْلِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی سے اس کی بیوی مسجد جانے کی اجازت مانگے تو اسے نہ روکو۔ حضرت عمرو کا قول ہے: حضرت سفیان نے کہا کہ ایک آدمی نے کہا: حضرت نافع سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اس کی تفسیر، رات سے کی ہے۔

5468 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى تَسْمَعُوا أَذَانَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کو یہ بات بتائی جاتی کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جب اذان دیتے ہیں تو ابھی رات ہوتی ہے، پس تم کھالیا کرو اور پی لیا کرو حتیٰ کہ تم اُم مکتوم کے بیٹے کی اذان سن لو۔

5469 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سانپوں کو قتل کرو اور دو

5465- الحديث سبق برقم: 5393 فراجعه .

5466- الحديث سبق برقم: 5410 فراجعه .

5467- الحديث سبق برقم: 5403 فراجعه .

5468- الحديث سبق برقم: 5409 فراجعه .

5469- الحديث سبق برقم: 5406 فراجعه .

اللَّـهُ عَلَيْـهِ وَسَـلَّمَ قَـالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّـاتِ، وَذَا الطُّـفْيَتَيْـنِ، وَالْأَبْتَـرَ، فَإِنَّهُـمَـا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ، وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ وَكَـانَ ابْـنُ عُمَرَ يُقْتَلُ كُلَّ حَيَّةٍ وَجَـدَهَـا، فَأَبْصَرَهُ أَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ أَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يُطَارِدُ حَيَّةً فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ نَهَى عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ

دھاریوں والے اور چھوٹی دُم والے کو قتل کرو کیونکہ یہ دونوں بینائی ختم کر دیتے ہیں اور حمل گرنے کا سبب بنتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عادت مبارکہ تھی کہ ہر سانپ کو قتل کر دیتے تھے جس کو بھی پاتے تھے۔ ابولبابہ بن عبدالمنذر یا زید بن خطاب نے ان کو دیکھا' وہ سانپ کو (مارنے کی بجائے) باہر نکال رہے تھے۔ تو فرمایا: گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔

5470 - حَـدَّثَـنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ قَـالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِرَكْعَةٍ تُوتِرُ لَكَ مَا مَضَى

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز (نفل) دو دو رکعت ہے' پس جب صبح ہونے کا خدشہ ہو تو (دو کے ساتھ) ایک ملا کر وتر بنا لے' تیرے لیے وتر شمار ہو گی جتنی پڑھ چکا ہے (کیونکہ وتر نماز اللہ کو بہت پسند ہے)۔

5471 - وَعَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَـلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کی عصر کی نماز چھوٹ گئی گویا اس کے اہل اور مال ہلاک ہوا۔

5472 - حَـدَّثَـنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَـنْ سَـالِـمِ بْـنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الـنَّـبِـيِّ صَـلَّـى الـلَّـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الَّذِى تَفُوتُهُ الصَّلَاةُ - صَلَاةُ الْعَصْرِ - فَـكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جس کی عصر کی نماز رہ گئی' گویا اس کے اہل اور مال ہلاک ہوئے۔

5470- الحديث سبق برقم: **5408** فراجعه .

5471- الحديث سبق برقم: **5424** فراجعه .

5472- الحديث سبق برقم: **5471,5424** فراجعه .

وَمَالَهُ

5473 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ؟ فَقَالَ: خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْحَرَمِ وَالْحِلِّ: الْغُرَابُ، وَالْفَأْرَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْحِدَأَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے دریافت ہوا: جانوروں میں سے کس کو محرم مار سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جانوروں میں سے پانچ ایسے ہیں کہ ان کو حل وحرم میں مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے: کوا' چوہا' بچھو' چیل اور باؤلا کتا۔

5474 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَاقْتُلُوا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ، وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يُذْهِبَانِ الْبَصَرَ، وَيُسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ: فَبَيْنَا أَنَا أُطَارِدُ حَيَّةً إِذْ رَآنِي أَبُو لُبَابَةَ، فَقَالَ أَبُو لُبَابَةَ ـ ـ، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِهَا ، فَقَالَ أَبُو لُبَابَةَ: إِنَّهُ نَهَى بَعْدَ ذَلِكَ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے راوی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سانپوں کوقتل کر دیا کرو' خصوصاً دو دھاریوں والا اور چھوٹی دُم والا کیونکہ یہ بینائی کو لے جاتے ہیں اور حمل کو گرا دیتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اسی دوران کہ میں ایک سانپ کو دھتکار کر گھر سے نکال رہا تھا کہ ابولبابہ نے مجھے دیکھ لیا' تو ابولبابہ نے کہا...... میں نے عرض کی: بے شک رسول کریم ﷺ نے ان کوقتل کرنے کا حکم دیا ہے' تو ابولبابہ نے ہی کہا: اس کے بعد آپ ﷺ نے منع فرمادیا تھا۔

5475 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ جب رکوع سے سر اُٹھاتے تو دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے اور زبان سے کہتے: اللہ نے اپنی حمد کرنے والے کی حمد کو سنا: اے ہمارے رب! اور تیرے لیے حمد ہے۔

5473- الحديث سبق برقم: **5405** فراجعه .

5474- الحديث سبق برقم: **5406** فراجعه .

5475- الحديث سبق برقم: **5397** فراجعه .

5476 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا كَلَّمَا عَبْدَ اللّٰهِ لَيَالِيَ نَزَلَ الْجَيْشُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ قَبْلَ أَنْ يُقْتَلَ فَقَالَا: لَا يَضُرُّكَ أَنْ لَا تَحُجَّ الْعَامَ، إِنَّا نَخَافُ أَنْ يُحَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَقَالَ: قَدْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُونَ الْبَيْتِ، فَنَحَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيَهُ، وَحَلَقَ رَأْسَهُ، وَأُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْطَلِقُ، فَإِنْ خُلِيَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْبَيْتِ طُفْتُ، وَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَعَلْتُ كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ، فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ: إِنَّمَا شَأْنُهُمَا وَاحِدٌ، وَأُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَتِي، فَلَمْ يَحِلَّ مِنْهُمَا حَتَّى أَحِلَّ يَوْمَ النَّحْرِ وَكَانَ يَقُولُ: مَنْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَأَهَلَّ بِهِمَا، فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا يَوْمَ النَّحْرِ فَيَطُوفَ عَنْهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ يَوْمَ يَدْخُلُ مَكَّةَ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبیداللہ بن عمر اور حضرت سالم بن عبداللہ دونوں نے انہیں خبر دی کہ ان دونوں نے حضرت عبداللہ سے بات کی ان راتوں میں جب ابن زبیر کے ہاں لشکر اُترا' ان کے شہید ہونے سے پہلے تو ان دونوں نے کہا: آپ کو یہ بات نقصان نہیں دے گی کہ اس سال آپ حج نہ کریں' ہمیں ڈر ہے کہ آپ کے اور بیت اللہ شریف کے درمیان کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے تو آپ نے فرمایا: تحقیق ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے تو قریش قبیلہ کے کافر بیت اللہ شریف کے سامنے رکاوٹ بن گئے۔ پس رسول کریم ﷺ اپنی قربانی کے جانور کو نحر کیا اور اپنے سر کا حلق کروایا اور میں تم لوگوں کو اس بات پر گواہ بناتا ہوں کہ میں نے (اپنے اوپر) عمرہ واجب کر لیا' اگر اللہ نے چاہا تو میں جاؤں گا' پس اگر میرے اور بیت اللہ کے درمیان راستہ خالی ہوا تو طواف کروں گا اور اگر میرے اور بیت اللہ شریف کے درمیان رکاوٹ کھڑی کر دی گئی تو میں ایسے ہی کروں گا جیسے رسول کریم ﷺ نے کیا اور (اس وقت) میں ساتھ تھا' پس آپ نے ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھا' پھر ایک گھڑی چلے تو فرمایا: ان دونوں (حج و عمرہ) کے احکام تو ایک جیسے ہیں اور میں تمہیں اس بات کا گواہ بنا رہا ہوں کہ میں نے اپنے عمرہ کے ساتھ حج کو واجب کیا' پس آپ نے ان دونوں کا احرام نہ کھولا حتیٰ کہ آپ نے دسویں کے دن کھولا اور فرما

5476- اخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 236 . وأحمد جلد 2 صفحه 63 رقم الحديث: 5298 .

رہے تھے: جس نے حج وعمرہ کو جمع کیا پس وہ دونوں کا احرام باندھے کیونکہ وہ احرام نہیں کھول سکتا ہے حتیٰ کہ قربانی والے دن دونوں سے اکٹھے احرام کھولے، پس وہ دونوں کی طرف سے ایک ہی طواف کر لے، بیت اللہ شریف اور صفاومروہ کی ایک ہی سعی کر لے جس دن وہ مکہ داخل ہو۔

5477 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، أَوْ صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ أَخُوهُ، حَدَّثَنَا قَاسِمٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ عُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُ فِي الْعُمْرَةِ، فَقَالَ: يَا أَخِي ادْعُ، وَلَا تَنْسَنَا فِي صَالِحِ الدُّعَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، عرض کی عمرہ کی اجازت حاصل کرنے آیا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بھائی! میرے لیے دعا کرنا اپنی نیک دعا میں ہمیں نہ بھولنا۔

5478 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ الْفَيْءُ ذِرَاعًا وَنِصْفًا إِلَى ذِرَاعَيْنِ فَصَلُّوا الظُّهْرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سایہ ایک ہاتھ اور نصف ہاتھ ہو جائے دو ہاتھوں تک تم ظہر کی نماز پڑھو۔

5479 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَشَارَ الْمُسْلِمِينَ فِيمَا يَجْمَعُهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے نماز کی اطلاع کے لیے مشورہ کیا؟ عرض کی: بوق۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپسند کیا کہ یہ یہود کرتے ہیں، پھر ناقوس کا ذکر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس

5477- أخرجه أحمد جلد2صفحه59 من طريق وكيع' حدثنا سفيان وعبد الرزاق' عن عاصم......به .

5478- الحديث في المقصد العلي برقم: 188 .

5479- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 707 قال: حدثنا محمد بن خالد بن عبد الله الواسطي' قال: حدثنا أبي' عن عبد الرحمٰن بن اسحاق' عن الزهري' عن سالم' فذكره .

عَلَى الصَّلاةِ، فَقَالُوا: الْبُوقُ، فَكَرِهَهُ مِنْ أَجْلِ الْيَهُودِ، ثُمَّ ذُكِرَ النَّاقُوسُ، فَكَرِهَهُ مِنْ أَجْلِ النَّصَارَى، فَأُرِيَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ النِّدَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَطَرَقَهُ الْأَنْصَارِيُّ، فَأَمَرَ بِهِ بِلَالًا فَأَذَّنَ بِهِ

کو بھی ناپسند کیا، نصاریٰ کے فعل کی وجہ سے، انصار کے ایک آدمی کو اذان کا طریقہ سکھایا گیا، ان کو عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کہا جاتا ہے اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو بھی سکھایا گیا' انصاری نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بات بیان کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اذان دینے کا۔

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَزَادَ بِلَالٌ فِي نِدَاءِ صَلَاةِ الْفَجْرِ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، فَأَقَرَّهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ عُمَرُ: أَمَا إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ مِثْلَ الَّذِي رَأَى، وَلَكِنَّهُ سَبَقَنِي

حضرت امام زہری فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کا اضافہ کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے برقرار رکھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے وہی دکھایا گیا تھا جو اس نے دیکھا ہے لیکن وہ مجھ سے سبقت لے گئے ہیں۔

5480 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہوئی' گویا کہ اس کے سارے گھر والے اور سارا مال برباد ہوا۔

5481 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جس بندے کی عصر کی نماز قضا ہوئی گویا اس کے گھر والے اور مال ہلاک ہوا۔

5482 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ هَيْصَمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5480- الحديث سبق برقم: 5424,5471,5470 .

5481- الحديث سبق برقم: 5480,5424,5471,5470 فراجعه .

5482- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 100 رقم الحديث: 5763 قال: حدثنا عفان . والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 721 قال: حدثنا معلى بن أسد .

الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، حَدَّثَنِي أَبُو مَطَرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ قَالَ: اللَّهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ، وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ، وَعَافِنَا قَبْلَ ذَلِكَ

کریم ﷺ جب گرج وکڑک کی آواز سنتے تو یوں دعا کرتے: اے اللہ! اپنے غضب سے ہمیں قتل نہ کرنا' ہمیں اپنے عذاب کے ساتھ ہلاک نہ کرنا اور اس سے پہلے ہمیں عافیت عطا کرنا۔

5483 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاعَ عَبْدًا لَهُ مَالٌ، فَإِنَّ مَالَهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ أُبِّرَتْ، فَإِنَّ ثَمَرَهَا لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے ایسا غلام بیچا جس کے پاس مال تھا تو وہ مال بائع کا ہے مگر خریدار شرط لگالے اور جس نے کھجور کے درخت بیچے اس کے درست ہونے کے بعد تو اس کا پھل بائع کا ہے' مگر یہ کہ خریدار اس کی شرط لگالے۔

5484 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ - يَعْنِي: ابْنَ يَحْيَى - ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْفَعُوا أَبْصَارَكُمْ إِلَى السَّمَاءِ أَنْ يُلْتَمَعَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: (نماز کے دوران) اپنی آنکھوں کو آسمان کی طرف نہ اٹھاؤ ایسا نہ ہو کہ نظریں اچک لی جائیں۔

5485 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَنْظَلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا اسْتَأْذَنَكُمْ نِسَاؤُكُمْ إِلَى الْمَسَاجِدِ فَأْذَنُوا لَهُنَّ

حضرت حنظلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تمہاری بیویاں تم سے مسجدوں میں جانے کیلئے اجازت طلب کریں تو انہیں اجازت

5483- الحديث سبق برقم: **5455,5445** فراجعه .

5484- اخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1043** من طريق عثمان بن أبي شيبة بهذا السند .

5485- الحديث سبق برقم: **5420,5403** فراجعه .

دے دو۔

5486 - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْفِتْنَةَ تَجِيءُ مِنْ هَا هُنَا- وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ- حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ، وَأَنْتُمْ يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، وَإِنَّمَا قَتَلَ مُوسَى الَّذِي قَتَلَ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ خَطَأً، قَالَ اللّٰهُ لَهُ: (وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا) (طه:40)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک فتنہ اس طرف سے آئے گا اور اپنے ہاتھ مبارک سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا جہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا اور تم ایک دوسرے کی گردنیں مارو گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے صرف اس آدمی کو خطاءً قتل کیا' آلِ فرعون سے جس نے قتل کیا تھا تو اللہ نے ان سے فرمایا: ''اور تُو نے ایک جان کو قتل کیا' پس ہم نے تجھے غم سے نجات دی اور کئی فتنوں میں مبتلا کر دیا''۔

5487 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَبِيتَ ثَلَاثَ لَيَالٍ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ عِنْدَهُ، قَالَ: فَمَا بِتُّ لَيْلَةً إِلَّا وَوَصِيَّتِي عِنْدِي مَوْضُوعَةٌ، أَوْ كَمَا قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ تین راتیں گزارے مگر اس حال میں کہ وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری کوئی رات ایسی نہیں گزری مگر وصیت میرے تکیے کے نیچے لکھی ہوئی پڑی ہوتی تھی۔

5488 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، أَخْبَرَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَقْبَلَ مِنَ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ كُلَّمَا أَوْفَى عَلَى فَدْفَدٍ أَوْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب حج یا عمرہ سے واپس آتے تھے جب بھی اونچائی پر چڑھتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے پھر کہتے تھے: ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الٰی آخرہ''۔

5486- الحديث سبق برقم: **5426** فراجعه .

5487- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**3** رقم الحديث: **4469** قال: حدثنا معتمر' قال: سمعت بُردًا .

5488- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**105** رقم الحديث: **5830** قال: حدثنا عتاب بن زياد . وفي جلد**2**صفحه**105** رقم الحديث: **5831** قال: حدثنا علي بن اسحاق .

ثَنِيَّةٍ كَبَّرَ ثَلَاثَ تَكْبِيرَاتٍ، ثُمَّ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمَلَكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُونَ تَائِبُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللَّهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ

5489 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُرِيتُ فِي النَّوْمِ أَنِّي أَنْزِعُ بِدَلْوٍ عَلَى قَلِيبٍ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ، فَنَزَعَ نَزْعًا ضَعِيفًا، وَاللَّهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَاسْتَقَى، فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِي فَرِيَّهُ، حَتَّى رَوِيَ النَّاسُ، وَضَرَبُوا بِعَطَنٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ میں نے کنواں سے ڈول کھینچتا ہوں۔ حضرت ابوبکر آئے انہوں نے ایک یا دو ڈول کھینچے، آپ نے دُہرا کھینچا، اللہ آپ رضی اللہ عنہ کو بخش دیتا ہے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے، آپ رضی اللہ عنہ نے پانی نکالا' پس کنواں تیز چلنے لگا' پس میں نے لوگوں میں سے ایسی عبقری شخصیت نہیں دیکھی جس نے اپنا پورا زور لگایا ہو' حتیٰ کہ لوگ سیراب ہو گئے لیکن انہوں نے نیزے کے وار سے انہیں شہید کر دیا۔

5490 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: خَرَجَ أُسَامَةُ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَقِّقْهَا لِأَهْلِكَ خُمُرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نکلے اس حال میں کہ آپ رضی اللہ عنہ پر حلہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اہل خانہ کے لیے ایک ٹکڑا رکھ لو۔

5491 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کے لیے برا اشعار بھرنے سے اپنے پیٹ میں پیپ بھر لے تو بہتر ہے۔

5489- أخرجه أحمد جلد2صفحه27 رقم الحديث: **4814** قال: حدثنا روح' قال: حدثنا ابن جريج .

5490- أخرجه أحمد جلد2صفحه40,39 من طريق اسحاق بن سليمان بهذا السند .

5491- أخرجه أحمد جلد2صفحه39 رقم الحديث: **4975** قال: حدثنا اسحاق بن سليمان .

يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ يَكُونَ جَوْفُ ابْنِ آدَمَ مَمْلُوءًا قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَكُونَ مَمْلُوءًا شِعْرًا

5492 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اشْتَرَى نَخْلًا بَعْدَمَا أُبِّرَتْ فَلَمْ يَشْتَرِطْ ثَمَرَتَهَا، فَلَا شَيْءَ لَهُ، وَمَنِ اشْتَرَى عَبْدًا فَلَمْ يَشْتَرِطْ مَالَهُ، فَلَا شَيْءَ لَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کھجور کے درخت خریدے بعد اس کے کہ ان کو درست کیا جا چکا تھا' پس اس کے پھل کی اس نے شرط نہیں لگائی تو اس کیلئے کوئی چیز نہ ہو گی اور جس نے غلام خریدا اور اس کے مال کی شرط نہیں لگائی تو اس کیلئے شی نہ ہو گی۔

5493 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ الدَّوْرَقِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ أَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمَّا اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ النَّاسُ فِيهِ، قَالَ: فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ أَوْ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ بَلَغَنِي مَا قُلْتُمْ فِي أُسَامَةَ، وَلَقَدْ قُلْتُمْ ذَلِكَ فِي أَبِيهِ قَبْلَهُ، وَإِنَّهُ لَخَلِيقٌ لِلْإِمَارَةِ، وَإِنَّهُ لَخَلِيقٌ لِلْإِمَارَةِ، وَإِنَّهُ لَخَلِيقٌ لِلْإِمَارَةِ، وَإِنَّهُ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ، قَالَ: فَمَا اسْتَثْنَى فَاطِمَةَ، وَلَا غَيْرَهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو عامل بنایا تو اس بارے میں لوگوں نے کچھ باتیں کیں۔ راوی کا بیان ہے: یہ مکمل یا اس کا کچھ حصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے وہ بات معلوم ہوگئی ہے جو تم نے اسامہ کے بارے میں کہی ہے اور اس سے پہلے تم اس کے باپ کے بارے میں بھی باتیں کر چکے ہو' یقیناً وہ امیر بننے کے قابل ہے' تین بار کہا اور وہ مجھے تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہے۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا اور نہ ہی کسی اور کی استثناء کی۔

5494 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ

5492- الحديث سبق برقم: 5483,5455,5445 فراجعه .

5493- الحديث سبق برقم: 5439 فراجعه .

5494- الحديث سبق برقم: 5441,5398 فراجعه .

الْبَكْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيِ الْجَنَازَةِ، وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانُوا يَمْشُونَ أَمَامَهَا

جنازہ کی چارپائی کے آگے چلتے تھے اور بے شک رسول کریم ﷺ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم جنازہ کے آگے چلا کرتے تھے۔

5495 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَتْ يَمِينُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَمُصَرِّفِ الْقُلُوبِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی قسم یہ تھی: نہیں! قسم ہے دلوں کو پھیرنے والے کی!

5496 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَتْ يَمِينُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي يَحْلِفُ بِهَا: لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوبِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی قسم جس کے ساتھ آپ ﷺ حلف اُٹھاتے تھے، یہ تھی: نہیں! قسم ہے دلوں کو پلٹ دینے والے کی!

5497 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ، أَخْبَرَنِي سَالِمٌ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِحَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ كَتَبْتَ هَذَا الْكِتَابَ؟، فَقَالَ: نَعَمْ، أَمَا وَاللَّهِ مَا ذَاكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْ يَكُونَ بِغَيْرِ إِيمَانٍ مِنْ قَلْبِي، وَلَكِنْ لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا وَلَهُ أَهْلٌ وَخَدَمٌ يَمْنَعُونَ لَهُ أَهْلَهُ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاطب بن ابی بلتعہ کو لایا گیا۔ حضور ﷺ نے اس کو کہا: آپ نے یہ خط لکھا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ عرض کی: اللہ کی قسم! یا رسول اللہ ﷺ میرے دل کے ایمان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ بات یہ تھی کہ قریش میں سے کوئی بھی ایسا نہیں تھا جو میرے گھر والوں کی خدمت کر سکے۔ میں نے خط لکھا تھا اس نیت پر کہ وہ میرے اہل خانہ کو واپس کر دیں

5496- الحديث سبق برقم: 5449,5419 فراجعه .

5497- الحديث في المقصد العلي برقم: 1413 .

فَكَتَبْتُ كِتَابًا رَجَوْتُ أَنْ يَمْنَعَ اللّٰهُ لِي بِذَلِكَ أَهْلِي، فَقَالَ عُمَرُ: ائْذَنْ لِي فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَ كُنْتَ قَاتِلَهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، إِنْ أَذِنْتَ لِي فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا يُدْرِيكَ، لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ

گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیں کہ میں اس کو قتل کردوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ رضی اللہ عنہ نہیں جانتے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ اہل بدر کے دلوں کا حال جانتا ہے پس اس نے فرمایا: جو چاہو عمل کرو۔

5498 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا يَقُولُ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَقْتُلُونَ أَنْتُمُ الْيَهُودَ حَتَّى يَقُولُ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ، هَذَا يَهُودِيٌّ وَرَائِي، تَعَالَ فَاقْتُلْهُ

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہود کو قتل کرو گے یہاں تک پتھر کہے گا: اے مسلم! یہ یہودی میرے پیچھے ہے اس کو قتل کردے۔

5499 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُ النَّاسَ جُمِعُوا لِلْحِسَابِ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ، وَفِي نَزْعِهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ قَامَ عُمَرُ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَفْرِي فَرْيَهُ، حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ قَالَ: وَالْعَبْقَرِيُّ: الْأَجِيرُ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے (خواب میں) لوگوں کو ملاحظہ کیا انہیں حساب کیلئے اکٹھا کیا گیا ہے پس حضرت ابوبکر اُٹھے اُنہوں نے ایک یا دو ڈول کھینچے اور ان کے کھینچنے میں دُہرا سلسلہ تھا اور اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرماتا ہے پھر حضرت عمر کھڑے ہوئے کنواں تیز چلنے لگا پس میں نے ایسی عبقری شخصیت نہیں دیکھی جس نے اپنا پورا زور لگایا ہو حتیٰ کہ لوگوں نے ان کو نیزے کے وار سے شہید کیا فرمایا: عبقری سے مراد اُجرت پر کام کرنے والا ہے۔

5498- أخرجه احمد جلد**2**صفحه**121** رقم الحديث:**6032** قال: حدثنا أبو اليمان' قال: أخبرنا شعيب .

5499- الحديث سبق برقم:**5489** فراجعه .

5500 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِينَةِ حَتَّى قَدِمَتْ مَهْيَعَةَ - وَهِيَ: الْجُحْفَةُ - فَأَوَّلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا: وَبَاءَ الْمَدِينَةِ يَنْتَقِلُ إِلَى الْجُحْفَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے ایک کالی عورت دیکھی، اس کے سر پر غبار پڑی ہوئی تھی' وہ مدینہ سے جحفہ کی طرف نکلی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خواب کی تعبیر بتائی۔ مدینہ کی وباء جحفہ کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

5501 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَسَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھے کھانے سے منع فرمایا۔

5502 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا شَيْخٌ، مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي دُعَائِهِ: وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيدِ ، قَالَ أَبُو يَعْلَى: يَعْنِي: الْمَوْلُودَ، وَكَذَا فُسِّرَ لَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعا اس طرح کرتے تھے: ''واقية كواقية الوليد''۔امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: مراد ہے جو پیدا ہوا ہو' اسی طرح ہمارے لیے اس کی تفسیر کی گئی ہے۔

5503 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ زَكَرِيَّا قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پھلوں کی بیع سے یہاں تک کہ وہ پک جائے۔

5500- اخرجه أحمد جلد2صفحه107 رقم الحديث: 5849 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا وُهيب .

5501- الحديث سبق برقم: 5442 فراجعه .

5502- الحديث في المقصد العلى برقم: 1704 .

5503- الحديث سبق برقم: 5393 فراجعه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَصْلُحُ بَيْعُ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ

5504 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت سالم اپنے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کر لے۔

5505 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

حضرت سالم اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جلدی سفر کرنا ہوتا تھا تو مغرب اور عشاء کو جمع فرما لیتے۔

5506 - وَبِهِ عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ

اسی سند کے ساتھ ان کے والد گرامی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سونے لگتے ہو تو اپنے گھروں میں آگ نہ چھوڑا کرو۔

5507 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ

ان کے والد گرامی سے ہی روایت ہے کہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو جنازہ کے آگے چلتے ہوئے دیکھا۔

5508 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ، وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا الْبُرْنُسَ، وَلَا السَّرَاوِيلَ، وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلَا

ان کے والد سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: احرام باندھنے والا کپڑوں میں سے کون سا کپڑا پہن سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قمیص نہیں پہن سکتا، پگڑی، برقعہ، پاجامے اور نہ ہی کوئی کپڑا جو

5504- الحديث سبق برقم: 5456 فراجعه .

5505- الحديث سبق برقم: 5461,5399 فراجعه .

5506- الحديث سبق برقم: 5462,5411 فراجعه .

5507- الحديث سبق برقم: 5458,5398 فراجعه .

5508- الحديث سبق برقم: 5464,5402 فراجعه .

وَرْسٌ، وَلَا خُفَّيْنِ إِلَّا لِمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ، فَمَنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَقْطَعْهُمَا حَتَّى تَكُونَا أَسْفَلَ عِنْدَ الْكَعْبَيْنِ

ورس اور زعفران سے رنگا ہوا ہو' موزے نہ پہنے مگر وہ آدمی جو جوتے نہ پائے' پس وہ آدمی جو جوتے نہ پائے اسے چاہیے کہ ان کو اوپر سے کاٹ دے یہاں تک کہ وہ دونوں ٹخنوں کے پاس سے نیچے ہو جائیں۔

5509 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ، وَبَعْدَ الرُّكُوعِ، وَلَا يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

ان کے والد سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کندھوں کے برابر اُٹھاتے تھے اور جب ارادہ فرماتے کہ رکوع کریں اور رکوع کے بعد لیکن دونوں سجدوں کے درمیان ہاتھوں کو نہیں اُٹھاتے تھے۔

5510 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّؤْمُ فِي ثَلَاثٍ: فِي الْفَرَسِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالدَّارِ

ان کے والد سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہوسکتی ہے: گھوڑے' عورت اور گھر۔

5511 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ: إِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيمَانِ

ان کے والد سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کو سنا جو اپنے بھائی کو حیاء کے بارے وعظ کر رہا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

5512 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ عُمَرَ وَهُوَ يَقُولُ: وَأَبِي وَأَبِي، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، قَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا بَعْدُ ذَاكِرًا، وَلَا آثِرًا

ان کے والد سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سنا کہ وہ کہہ رہے تھے: مجھے میرے باپ کی قسم! مجھے میرے باپ کی قسم! تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے باپوں کی قسمیں کھانے سے منع فرماتا ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: قسم ہے اللہ کی! میں نے اس کے بعد نہ کبھی یاد رکھتے

5509- الحديث سبق برقم: 5458,5397 فراجعه .

5510- الحديث سبق برقم: 5466,5410 فراجعه .

5511- الحديث سبق برقم: 5463,5401 فراجعه .

5512- الحديث سبق برقم: 5458,5407 فراجعه .

ہوئے اور نہ بھول کر کبھی آباء کی قسم کھائی۔

5513 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ، أَوْ مَاشِيَةٍ، نَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ

ان کے والد سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے کتا پالا اس کے عمل کے اجر سے ہر روز دو قیراط کم کیے جاتے ہیں مگر شکار کا کتا یا جانوروں کی حفاظت کرنے والا کتا۔

5514 - وَعَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَأْذَنَتْ أَحَدَكُمُ امْرَأَتُهُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا، قَالَ سُفْيَانُ: فَسَّرُوهُ بِاللَّيْلِ

ان کے باپ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک سے اس کی بیوی مسجد جانے کی اجازت مانگے تو وہ اسے نہ روکے۔ حضرت سفیان کا قول ہے کہ محدثین نے اس کی تفسیر رات کے ساتھ کی ہے۔

5515 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ، وَالْأَبْتَرَ فَإِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ، وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقْتُلُ كُلَّ حَيَّةٍ وَجَدَهَا، فَأَبْصَرَهُ أَبُو لُبَابَةَ أَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يُطَارِدُ حَيَّةً فَقَالَ: إِنَّهُ نَهَى عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ

ان کے والد گرامی فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سانپوں کو قتل کر دیا کرو خصوصاً دو دھاریوں والا اور چھوٹی دُم والا سانپ کیونکہ یہ دونوں بینائی اُچک لیتے ہیں اور حمل گرا دیتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر سانپ کو قتل کر دیتے تھے جس کو پاتے تھے پس آپ کو ابولبابہ یا زید بن خطاب نے دیکھا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سانپ کو گھر سے دور کر رہے تھے تو فرمایا: گھروں میں رہنے والوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

5516 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى تَسْمَعُوا ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ

ان کے والد سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک بلال رات کے وقت اذان دیتے ہیں پس کھا پی لیا کرو حتیٰ کہ ابن اُم مکتوم سے سن لو۔

5513- الحديث سبق برقم: 5395 فراجعه .

5514- الحديث سبق برقم: 5403 فراجعه .

5515- الحديث سبق برقم: 5469,5406 فراجعه .

5516- الحديث سبق برقم: 5468,5409 فراجعه .

5517 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَى رَجُلٌ أَنَّهَا لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْعَشْرِ - يَعْنِي لَيْلَةَ الْقَدْرِ - فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ عَلَى أَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَاطْلُبُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي الْوِتْرِ مِنْهَا

ان کے والد گرامی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے دیکھا کہ وہ فلاں فلاں رات ہے دس میں سے یعنی شبِ قدر۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کیلئے فرمایا: میں تمہارے خواب دیکھتا ہوں وہ متفق ہیں اسی پر کہ وہ آخری عشرے میں ہے پس اسے آخری عشرق کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

5518 - وَعَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ

ان کے والد گرامی نے فرمایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حسد صرف دو چیزوں میں ہوتا ہے ایک وہ آدمی جس کو اللہ نے قرآن عطا کیا پس وہ رات اور دن اس کے حقوق ادا کرتا ہے اور دوسرا وہ آدمی جس کو اللہ نے مال عطا کیا اور وہ رات اور دن اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔

5519 - وَعَنْ أَبِيهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْإِحْرَامِ، وَالْحَرَمِ: الْغُرَابُ، وَالْفَأْرَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ ، قَالَ سُفْيَانُ: وَالْأَسَدُ، وَالذِّئْبُ، وَالزُّنْبُورُ الْعَقُورُ

ان کے والد صاحب سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ جانور حالتِ احرام میں حرم کے اندر بھی مارے جا سکتے ہیں: کوا چوہیا بچھو اور باؤلا کتا۔ حضرت سفیان کا قول ہے: شیر بھیڑیا اور بھڑ بھی۔

5520 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى عُمَرَ قَمِيصًا أَبْيَضَ، فَقَالَ: جَدِيدٌ قَمِيصُكَ أَوْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر سفید قمیض دیکھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نئی قمیض ہے یا دھلی ہوئی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی میرا گمان ہے کہ دھلی ہوئی مراد

5517- الحديث سبق برقم: 5460,5396 فراجعه .

5518- الحديث سبق برقم: 5454,5394 فراجعه .

5519- الحديث سبق برقم: 5473,5405 فراجعه .

5520- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 3558 من طريق أحمد جلد2صفحه89 .

غَسِيلٌ؟، قَالَ: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: غَسِيلٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَسْ جَدِيدًا، وَعِشْ حَمِيدًا، وَمُتْ شَهِيدًا

ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: نئی پہنو، باعزت زندگی گزارو اور حالت شہادت میں وصال کرو۔

5521 - وَبِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا حَقُّ امْرِءٍ يَمُرُّ عَلَيْهِ ثَلَاثُ لَيَالٍ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ عِنْدَهُ، قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: فَمَا مَرَّتْ عَلَيَّ ثَلَاثٌ قَطُّ إِلَّا وَوَصِيَّتِي عِنْدِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ تین راتیں گزارے اور وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی موجود نہ ہو۔ حضرت عبدالرزاق فرماتے ہیں کہ میری کوئی تین رات ایسی نہیں گزری مگر وصیت میرے پاس تھی۔

5522 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ فُلَانًا وَفُلَانًا نَاسًا مِنَ الْمُنَافِقِينَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى : (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران: 128)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز میں فلاں فلاں آدمی پر لعنت فرمائی۔ منافقوں میں سے تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ الٰی آخرہٖ''۔

5581- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **1862** قال: حدثنا قتيبة' قال: حدثنا جرير بن عبد الحميد .

5582- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**104** رقم الحديث: **5811** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا وهيب .

ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ يَسَارٍ، مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رَآنِي ابْنُ عُمَرَ وَأَنَا أُصَلِّي، بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ قَالَ: يَا يَسَارُ، كَمْ صَلَّيْتَ؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي. قَالَ: لَا دَرَيْتَ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ نُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: أَلَا لِيُبَلِّغْ شَاهِدُكُمْ غَائِبَكُمْ أَنْ لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ إِلَّا سَجْدَتَيْنِ

رکعتیں پڑھی ہیں۔ میں نے عرض کی: میں نہیں جانتا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو نہیں جانتا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس نکلے، ہم یہ نماز پڑھ رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے حاضر غائب کو پہنچا دیں یہ پیغام کہ فجر کے بعد صرف دو سجدے ہیں (دو رکعتیں ہیں)۔

5583 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ عَبْدِهِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بندہ کی توبہ قبول کرتا ہے، حالت غرغر تک۔

5584 - حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ: مِنْ أَيْنَ يَجُوزُ لِي أَنْ أَعْتَمِرَ؟ فَقَالَ: فَرَضَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةِ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مدینہ کے لیے ذی الحلیفہ اور اہل شام کے لیے جحفہ، اہل نجد کے لیے قرن میقات مقرر فرمایا۔

5585 - حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الثَّمَرَةِ، فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پھلوں کی بیع سے یہاں تک کہ وہ پک جائے۔

5583- أخرجه أحمد جلد2صفحه132 رقم الحديث: 6160 قال: حدثنا على بن عياش، وعصام بن خالد .

5584- أخرجه البخارى جلد2صفحه164 قال: حدثنا مالك بن اسماعيل، قال: حدثنا زُهير، قال: حدثنى زيد بن جبير، فذكره .

5585- الحديث سبق برقم: 5502,5393 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلاحُهَا

5586 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ عِنْدَ الْمِنبَرِ وَأَشَارَ إِلَى مِنبَرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلُوهُ عَنِ الْأَشْرِبَةِ فَنَهَاهُمْ عَنِ: الدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيرِ، وَالْحَنْتَمِ . فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، وَالْمُزَفَّتِ . وَظَنَنَّا أَنَّهُ نَسِيَهُ، فَقَالَ: لَمْ أَسْمَعْهُ يَوْمَئِذٍ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، وَقَدْ كَانَ يَكْرَهُهُ

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے میں نے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ منبر کے پاس فرما رہے تھے اور اشارہ کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر کی طرف کہ عبد القیس کا وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا، انہوں نے مشروبات کے متعلق پوچھا کہ کس میں پی سکتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منع کیا دباء ونقیر و حنتم کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ابومحمد! مزفت! ہم نے گمان کیا کہ آپ بھول گئے ہیں' آپ نے فرمایا: اس دن میں نے عبداللہ بن عمر سے نہیں سنا تھا' آپ اس کو بھی ناپسند سمجھتے تھے۔

5587 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَادَ أَعْمَى أَرْبَعِينَ خُطْوَةً وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اندھے آدمی کو چالیس قدم چلایا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

5588 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةٌ مِنْ غُلُولٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر وضو کے نماز قبول نہیں اور خیانت والے مال سے زکوٰۃ قبول نہیں۔

5586- أخرجه أحمد جلد2صفحه14 رقم الحديث: 4629 قال: حدثنا اسماعيل .

5587- الحديث في المقصد العلى برقم: 1033 .

5588- أخرجه أحمد جلد2صفحه19 رقم الحديث: 4700 قال: حدثنا يحيىٰ' عن شعبة .

5589 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت ہے۔

5590 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت ہے۔

5591 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ الْحَنَفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَيْتِ، وَسَيَأْتِي مَنْ يَنْهَاكَ عَنْ ذٰلِكَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ جَالِسٌ إِلَى جَنْبِهِ

حضرت سماک الحنفی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں نماز پڑھی اور (فرمایا:) عنقریب تجھے اس سے منع کریں گے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ ان کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے۔

5592 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ ثَابِتٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خِفْتَ أَوْ خَشِيتَ الصُّبْحَ فَوَاحِدَةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہیں' جب صبح ہونے کا خوف یا ڈر ہو تو ایک رکعت اور ساتھ ملا کر وتر بنا لیا کرو۔

5593 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: نَهَى

حضرت طاؤس سے روایت ہے کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھا' ایک آدمی آیا' اُس نے کہا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹکے اور دباء کی نبیذ سے منع کیا ہے؟

5589- الحديث سبق برقم: 5588 فراجعه .

5590- الحديث سبق برقم: 5589,5588 فراجعه .

5591- أخرجه أحمد جلد2صفحه46,45 من طريق محمد بن جعفر وحجاج .

5592- الحديث سبق برقم: 5470,5408 فراجعه .

5593- الحديث سبق برقم: 5586 فراجعه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ وَالدُّبَّاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جی ہاں!

5594 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے، پس جب تجھے صبح صادق ہو جانے کا ڈر محسوس ہو تو ایک رکعت اور ملا کر (تین) وتر بنا لیا کرو۔

5595 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر نشہ آور شراب حرام ہے، ہر نشہ دینے والی شی حرام ہے۔

5596 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَمُعَاذٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

5597 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَبِيدٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلَى اسْمِ صَلَاتِكُمْ، أَلَا إِنَّهَا الْعِشَاءُ وَإِنَّهُمْ يَعْتِمُونَ بِالْإِبِلِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر دیہاتی تمہاری نماز کے نام پر غالب نہ آ جائیں، خبردار وہ عشاء ہے۔ وہ ان کو عتمہ اونٹ کے ساتھ کہتے ہیں۔

5594- الحديث سبق برقم: 5592,5470,5408 فراجعه.

5595- الحديث سبق برقم: 5444,5443 فراجعه.

5596- الحديث سبق برقم: 5595,5444,5443 فراجعه.

5597- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 638 . وأحمد جلد2 صفحه10 رقم الحديث: 4572 .

5598 - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ يُوَدِّعُهُ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: انْتَظِرْ أُوَدِّعْكَ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَدِّعُنَا: أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ، وَأَمَانَتَكَ، وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ

حضرت قاسم بن محمد فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا وہ الوداع ہونے لگا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا: رُکیے میں تم کو ایسے ہی الوداع کرتا ہوں جس طرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو الوداع کرتے تھے۔ میں تیرے دین، تیری امانت کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور تیرے اعمال کے اختتام کو۔

5599 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِ، فَإِنَّ ذَلِكَ يُرِيبُهُ . قَالَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ كَانُوا أَرْبَعَةً . قَالَ: لَا يَضُرُّكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم تین آدمی ہوں تو دو تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں یہ اس کو شک میں ڈالنا ہے۔ عرض کی اگر چار ہوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تجھے کوئی نقصان نہیں۔

5600 - حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ الرَّمَادِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ - يَعْنِي: ابْنَ عُمَرَ - ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ لِحَاجَتِهِ إِلَى الْمُغَمَّسِ . قَالَ نَافِعٌ: نَحْوَ مِيلَيْنِ مِنْ مَكَّةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے مکہ سے دومیل تک دور جاتے تھے۔

5601 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، فَقَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنْ رَجُلٍ، قَدِمَ بِعُمْرَةٍ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ

حضرت ابن دینار فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا کہ اس نے عمرہ کے لیے خانہ کعبہ کا طواف کیا اور صفاء و مروہ کے درمیان

5598- أخرجه أحمد جلد2صفحه136 رقم الحديث: 6199 .

5599- أخرجه أحمد جلد2صفحه18 رقم الحديث: 4685 قال: حدثنا يحيٰى .

5600- الحديث فى المقصد العلى برقم: 112 .

5601- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 668 . وأحمد جلد2صفحه15 رقم الحديث: 4641 وجلد3صفحه309 .

الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا، وَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

طواف نہیں کیا۔ کیا وہ اپنی بیوی سے وطی کر سکتا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں ادا فرمائیں اور صفاء و مروہ کے درمیان سات چکر لگائے اور تمہارے رسول ﷺ کی زندگی ہی بطور نمونہ ہے۔

5602 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرٍو، قَالَ حَمَّادٌ: وَلَيْثٌ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، يَرْفَعُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُلْحِفُوا بِالْمَسْأَلَةِ، فَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَخْرِجُ مِنَّا بِهَا شَيْئًا لَا يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: لپٹ کر نہ مانگا کرو اگر اس طرح کوئی شئی کسی سے نکال لے گا تو اس میں برکت نہیں ہو گی۔

5603 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَقَدْ كَانَتْ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

حضرت عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا کہ وہ عمرہ کے لیے خانہ کعبہ کا طواف کرے اور صفاء و مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔ کیا وہ اپنی بیوی سے وطی کر سکتا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں ادا فرمائیں اور صفاء و مروہ کے درمیان سات چکر لگائے اور تمہارے رسول ﷺ کی زندگی ہی بطور نمونہ ہے۔

5604 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، حَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ، إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ، أَوْ كَلْبَ صَيْدٍ . فِيلَ لِابْنِ عُمَرَ: إِنَّ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کتوں کے مارنے کا حکم دیا مگر حفاظت والے اور شکار کے کتے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی کہ حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ کھیتی باڑی کے

5602- الحديث في المقصد العلي برقم: 1060 .

5603- الحديث سبق برقم: 5601 فراجعه .

5604- أخرجه مسلم جلد5صفحه36 قال: حدثنا يحيىٰ بن يحيىٰ .

أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: أَوْ كَلْبَ زَرْعٍ . قَالَ: إِنَّ لِأَبِي هُرَيْرَةَ زَرْعًا

لیے رکھا ہو تو اس کی اجازت ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ابوہریرہ کی اپنی کھیتی تھی۔

5605 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ اشْتَرَى إِبِلًا هِيمًا مِنْ شَرِيكِ النَّوَّاسِ فَوَجَدَ بِهَا شَيْئًا، فَقَالَ: رَضِينَا بِقَضَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى

حضرت عمرو' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے شریک النواس سے اونٹ خریدا' اس میں کوئی شی پائی' اس کے بعد فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر راضی ہیں کہ چھوت چھات نہیں ہے۔

5606 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ، سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اعْتِكَافٍ عَلَيْهِ فَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَكِفَ فَيَصُومَ فَبَيْنَا هُوَ مُعْتَكِفٌ إِذْ كَبَّرَ النَّاسُ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا عَبْدَ اللَّهِ؟ قَالَ: سَبْيُ هَوَازِنَ أَعْتَقَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ: وَتِيكَ الْجَارِيَةُ فَأَرْسِلْهَا مَعَهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اس اعتکاف کے متعلق جوان پر تھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اعتکاف کرنے اور روزہ رکھنے کا' وہ اعتکاف کی حالت میں تھے۔ اچانک صحابہ کرام نے اللہ اکبر کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے: ہوازن کے قیدیوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ اپنی لونڈی کو بھی ان کے ساتھ بھیج دو۔

5607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ لِإِنْسَانٍ كَانَ كَثِيرَ الْأَكْلِ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعَاءٍ وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ فَقَالَ الرَّجُلُ: أَمَّا أَنَا فَأُومِنُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انسان بہت زیادہ کھاتے ہیں۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔ اس آدمی نے کہا: میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا۔

5605- الحديث سبق برقم: **5551** فراجعه .

5606- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **2474** قال: حدثنا أحمد بن ابراهيم' قال: حدثنا أبو داؤد .

5607- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **669** . والبخاري جلد**7**صفحه**93** قال: حدثنا على بن عبد الله .

5608 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، سَأَلْنَاهُ، عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فِي عُمْرَةٍ أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ؟ قَالَ: لَا، وَسَأَلُوا ابْنَ عُمَرَ عَنْهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

حضرت عمرو سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا' اس آدمی کے بارے میں جس نے کعبہ کا طواف کیا عمرہ میں' لیکن ابھی صفا و مروہ کی سعی نہیں کی' کیا وہ اپنی بیوی سے جماع کر سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اور ہم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس بارے سوال کیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو بیت اللہ شریف کے سات چکر لگائے' مقامِ ابراہیم کے پیچھے دو رکعت واجب برائے طواف پڑھے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی۔ تحقیق تمہارے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔

5609 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ وَأَنَا بَيْنَهُمَا، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ، فَصَلِّ رَكْعَةً، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی نماز کے بارے سوال کیا جبکہ میں دونوں کے درمیان تھا' فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو دو۔ پس جب تجھے صبح صادق ہو جانے کا خوف ہو تو ایک رکعت اور پڑھ اور صبح کی نماز سے پہلے کی دو رکعتیں پڑھ۔

5610 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ الْأَرْبِعَاءَ وَالْخَمِيسَ كُتِبَ لَهُ بَرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھا اس کے لیے جہنم سے برأت لکھ دی جائے گی۔

5608- الحديث سبق برقم: 5601 فراجعه .

5609- الحديث سبق برقم: 5594,5592,5470,5408 فراجعه .

5610- الحديث في المقصد العلى برقم: 537 .

5611 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5612 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ فَجَاءَ نَاسٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، وَكَانَ مَعَهُ صُهَيْبٌ، فَسَأَلْتُهُ كَيْفَ كَانَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ: كَانَ يُشِيرُ إِلَيْهِمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قباء شریف میں نماز پڑھ رہے تھے کچھ لوگ آئے انصار سے، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام کیا، نماز کی حالت میں ان کے ساتھ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے سوال کیا کہ کیسے ان کو جواب دیتے تھے؟ حضرت صہیب نے فرمایا: ان کی طرف اشارہ کرتے تھے۔

5613 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ، فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ ثَنَائِهِمَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ سِحْرٌ- أَوْ إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرق کی جانب سے دو آدمی آئے، ان دونوں نے خطبہ دیا۔ لوگوں کو ان کے ثنا کرنے کا انداز بڑا پسند آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

5614 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلَيْنِ قَدِمَا فِي زَمَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِهِمَا، فَالْتَفَتَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرق کی جانب سے دو آدمی آئے، ان دونوں نے خطبہ دیا۔ لوگوں کو ان کا کلام بڑا پسند آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: بے شک بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

5611- الحديث سبق برقم: **5610** فراجعه .

5612- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**10** . وعبد الرزاق برقم: **3597** .

5613- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه**610** . وأحمد جلد**2**صفحه**16** رقم الحديث: **4651** قال: حدثنا يحيىٰ' عن مالك .

5614- الحديث سبق برقم: **5613** فراجعه .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا - أَوْ إِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ سِحْرٌ

5615 - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ يَرَى ابْنَ عُمَرَ مَحْلُولًا زِرُّ قَمِيصِهِ، فَسُئِلَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت زید بن اسلم بتاتے ہیں کہ انہوں نے ابن عمر پر قمیص دیکھی جو رنگ سے رنگی ہوئی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے ہوئے دیکھا تھا۔

5616 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْخَلُوقِ، فَقِيلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّكَ تُصَفِّرُ لِحْيَتَكَ بِالْخَلُوقِ؟ قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَفِّرُ بِهَا، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ مِنَ الصَّبْغِ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْهَا، وَلَقَدْ كَانَ يَصْبُغُ بِهَا ثِيَابَهُ كُلَّهَا حَتَّى عِمَامَتَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اپنی داڑھی شریف کو خلوق کے ساتھ رنگتے تھے، آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ اپنی داڑھی کو خلوق کے ساتھ رنگتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے ساتھ زرد کیے ہوئے دیکھا، آپ رضی اللہ عنہ کو اس رنگ سے زیادہ کوئی رنگ پسند نہیں تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ سے اس کے ساتھ تمام کپڑوں کو رنگتے تھے، یہاں تک کہ عمامہ شریف کو بھی۔

5617 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْجِدَ قُبَاءَ وَهُوَ مَسْجِدُ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يُصَلِّي فِيهِ، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ رِجَالٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَسَأَلْتُ صُهَيْبًا وَكَانَ دَاخِلًا مَعَهُ كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ إِذَا سُلِّمَ عَلَيْهِ؟ قَالَ: كَانَ يُشِيرُ بِيَدِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قبا میں داخل ہوئے اور وہ بنی عمرو بن عوف کی مسجد ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں نماز پڑھ رہے تھے' پس کچھ انصاری آدمی آئے' نماز کی حالت میں آپ پر سلام کیا' پس میں نے صہیب سے پوچھا جبکہ وہ ان کے ساتھ داخل ہونے والے تھے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جب سلام کیا جاتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے کرتے؟ اُنہوں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ سے اشارہ کرتے۔

5616- أخرجه النسائي جلد8صفحه140 قال: أخبرنا يعقوبب بن ابراهيم' قال: حدثنا الدَّرَاوَرْدي .

5617- الحديث سبق برقم:5612 فراجعه .

5618 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ، أَرْسَلَنِي إِلَيْهِ أَبِي فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ

حضرت زید بن اسلم فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس داخل ہوا' میری طرف میرے باپ کو بھیجا' فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اللہ اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا ہے جو تہبند لٹکاتا ہے۔

5619 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنِي ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ، فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصْبُغُ بِهَا فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَصْبُغُ بِهَا ثِيَابَهُ حَتَّى عِمَامَتَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما زرد رنگ کے ساتھ کپڑے کو رنگتے تھے' آپ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ رنگتے تھے' میں نے یہ زرد رنگ آپ کے کپڑوں یہاں تک کہ عمامہ پر بھی دیکھا۔

5620 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِي هِشَامٍ الْأَيْلِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ دَابَّةٍ مِنْ دَوَابِّ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ لَيْسَ لَهُ دَمٌ يَتَفَصَّدُ فَلَيْسَتْ لَهُ ذَكَاةٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر جانور جو خشکی یا تری کا ہو۔ اس میں خون نہ ہو، اس کو فصد لگایا جاتا ہے' اس کو ذبح نہیں کیا جائے گا۔

5621 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ وَذَكَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُصَلِّي

حضرت سعید بن جبیر' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ سواری پر نماز پڑھتے تھے سواری کا منہ جس طرف بھی ہوتا تھا اور ذکر کرتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر نماز پڑھتے سواری کا منہ جس طرف بھی ہوتا تھا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ آیت پڑھی:

5618- الحديث سبق برقم: 5547 فراجعه .

5619- الحديث سبق برقم: 5616 فراجعه .

5620- الحديث في المقصد العلى برقم: 535 .

5621- الحديث سبق برقم: 5544,5530 فراجعه .

عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ وَقَرَأَ ابْنُ عُمَرَ: (فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ) (البقرة:115)

''تم جس طرف بھی منہ کرو اس طرف اللہ عزوجل کی رحمت ہے''۔

5622 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِي حَرِيزٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعُدُّ صَوْمَ عَرَفَةَ صَوْمَ سَنَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ہم عرفہ کے روزہ کو سنت کا روزہ شمار کرتے تھے۔

5623 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ صَلَّى بِهِمْ بِجَمْعٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ، ثُمَّ قَالَ: الصَّلَاةَ، فَصَلَّى الْعِشَاءَ، فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ: هَكَذَا صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَوْضِعِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ نے اذان واقامت کے ساتھ لوگوں کو مغرب کی نماز پڑھائی' پھر فرمایا: نماز تیار ہوگئی' پس آپ رضی اللہ عنہما نے عشاء کی نماز پڑھائی' پس اس بارے میں آپ رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: اسی طرح میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ اسی مقام پر نماز پڑھی ہے۔

5624 - حَدَّثَنَا أَبُو الْحَارِثِ سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَرَدَّ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى طَلَّقْتُهَا وَهِيَ طَاهِرَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی جبکہ وہ حیض کی حالت میں تھی' پس رسول کریم ﷺ نے اس عورت کو آپ پر لوٹا دیا حتیٰ کہ انہوں نے حالتِ طہر میں اُسے طلاق دی۔

5625 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5622- أخرجه النسائي في الكبرى جلد5صفحه428 (تحفة) من طريق محمد بن عبد الأعلى عن معتمر بن سليمان بهذا السند .

5623- الحديث سبق برقم: 5399 فراجعه .

5624- الحديث سبق برقم: 5536 فراجعه .

عَمْرٍو، سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ: حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ أَحَدُكُمَا كَاذِبٌ، لَا سَبِيلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَالِي قَالَ: لَا مَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا، فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ فَذَاكَ أَبْعَدُ لَكَ

اللہ ﷺ نے فرمایا: دولعان کرنے والوں کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے اُن میں سے ایک کا جھوٹا ہونا، تیرا اس پر کوئی راستہ نہیں ہے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میرا مال؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے مال نہیں ہے، اگر تو اس پر سچ بول رہا ہے وہ جو اس کی شرمگاہ کو حلال کر رہا ہے اگر تو جھوٹا تھا وہ تجھ سے دور ہے۔

5626 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: مَرَّ ابْنُ عُمَرَ بِفِتْيَانٍ مِنْ قُرَيْشٍ وَقَدْ نَصَبُوا طَيْرًا وَهُمْ يَرْمُونَهُ، وَقَدْ جَعَلُوا لِصَاحِبِ الطَّيْرِ كُلَّ خَاطِئَةٍ مِنْ نَبْلِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوُا ابْنَ عُمَرَ تَفَرَّقُوا، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ فَعَلَ هَذَا؟ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هَذَا إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيهِ الرُّوحُ غَرَضًا

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ قریش کے نوجوانوں کے پاس سے گزرے جبکہ انہوں نے پرندے کو باندھا ہوا تھا اور ان پر نشانہ بازی کر رہے تھے۔ انہوں نے پرندے کے مالک کے لیے ہر تیر اس غلطی پر کچھ دینے کا معاملہ کیا ہوا تھا۔ جب انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو بھاگ گئے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے یہ کیا، اللہ کی اس پر لعنت ہو بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لعنت ہو جس نے ذی روح کو نشانہ بنایا۔

5627 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حاملہ کے حمل کی بیع سے منع فرمایا۔

5626- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 338 رقم الحديث: 3133 و جلد 2 صفحه 43 رقم الحديث: 5018 .

5627- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 405 . وأحمد جلد 1 صفحه 56 رقم الحديث: 394 قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى قال: أنبأنا مالك .

5628 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ تَكُونُ عَلَيْهِ الْوَرِقُ فَيُعْطِي قِيمَتَهَا دَنَانِيرَ، إِذَا قَامَتْ عَلَى سِعْرٍ وَيَكُونُ عَلَيْهِ الدَّنَانِيرُ، فَيُعْطِي الْوَرِقَ بِقِيمَتِهَا

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ پر چاندی تھی۔ اس کی آپ قیمت دیتے دنانیر کے لحاظ سے' جب بھاؤ اُٹھ جاتا اور کبھی آپ کے پاس دنانیر ہوتے تو آپ اس کی قیمت کے بدلے چاندی دیتے تھے۔

5629 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: إِذَا أَخَذْتَ أَحَدَهُمَا بِالْآخَرِ فَلَا يُفَارِقْكَ وَبَيْنَكَ وَبَيْنَهُ بَيْعٌ قَالَ يَحْيَى: وَبِذٰلِكَ نَأْخُذُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب تو اُن میں سے ایک کو دوسرے کے بدلے لے' بیع تیرے اور اس کے درمیان جدائی نہ ڈالے۔ حضرت یحییٰ فرماتے ہیں: اسی پر ہمارا عمل ہے۔

5630 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى الْخُتَّلِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سُئِلْتُ عَنِ الْمُلَاعِنَيْنِ فِي زَمَنِ مُصْعَبٍ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَمَا دَرَيْتُ مَا أَقُولُ فَغَدَوْتُ إِلَى مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ فَقَالُوا: هُوَ نَائِمٌ، فَسَمِعَ صَوْتِي، فَقَالَ: ابْنُ جُبَيْرٍ؟ ائْذَنُوا لَهُ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ هٰذِهِ السَّاعَةَ إِلَّا حَاجَةٌ، قَالَ: فَإِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةَ رَاحِلَتِهِ مُتَوَسِّدٌ بِوِسَادَةٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، أَوْ سُلْتٌ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُتَلَاعِنَانِ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ نَعَمْ،

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مصعب کے زمانہ میں مجھ سے دو لعان کرنے والوں کے متعلق پوچھا گیا۔ کیا اُن دونوں کے درمیان تفریق کر دی جائے گی؟ میں نہیں جانتا تھا کہ کیا کہوں۔ صبح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر گیا آپ رضی اللہ عنہ کے گھر والوں سے اجازت لی۔ انہوں نے کہا کہ وہ سوئے ہوئے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے میری آواز سنی، فرمایا: ابن جبیر رضی اللہ عنہ ہیں؟ ان کو اجازت دے دو۔ میں آپ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا۔ آپ نے فرمایا: یقیناً اس گھڑی تجھے کوئی ضرورت ہی لے کر آئی ہے؟ راوی کا بیان ہے: پس وہ گھوڑے کی پیٹ کو بستر بنا کر' تکیے کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے'

5628- أخرجه أحمد جلد2 صفحه33 رقم الحديث: 4883 قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا اسرائيل .

5629- الحديث سبق برقم: 5628 فراجعه .

5630- أخرجه أحمد جلد2 صفحه12 رقم الحديث: 4603 قال: حدثنا عبدة .

إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ عَنْ هَذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ أَحَدَنَا رَأَى امْرَأَتَهُ عَلَى فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ إِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِأَمْرٍ عَظِيمٍ، وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى مِثْلِ ذَلِكَ؟ فَلَمْ يُجِبْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ الَّذِي سَأَلْتُكَ، عَنْهُ ابْتُلِيتُ بِهِ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ الْآيَاتِ الَّتِي فِي سُورَةِ النُّورِ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ) (النور: 6) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، قَالَ: فَدَعَا بِالرَّجُلِ فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَوَعَظَهُ، وَذَكَّرَهُ، وَأَخْبَرَهُ أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ، قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا. قَالَ: ثُمَّ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَرْأَةِ فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهَا وَوَعَظَهَا، وَذَكَّرَهَا، وَأَخْبَرَهَا أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ، قَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا صَدَقَ، وَلَقَدْ كَذَبَ. قَالَ: فَبَدَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ، وَالْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ، ثُمَّ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَرْأَةِ فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ، وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ، ثُمَّ فَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا

جس میں کھجور کی چھال یا جَو کا بھونسہ بھرا ہوا تھا' میں نے ان سے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! لعان کرنے والے میاں بیوی کے درمیان جدائی ڈال دی جائے؟ فرمایا: سبحان اللہ، جی ہاں اور پھر فرمایا: سب سے پہلے جس نے اس بارے سوال کیا' وہ فلاں بن فلاں تھا وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! آپ بتائیں اگر ہم میں سے کوئی اپنی عورت کو بے حیائی میں دیکھے تو وہ کیا کرے؟ اگر گفتگو کرتا ہے تو ایک عظیم کام کے بارے گفتگو کرتا ہے اگر خاموش رہتا ہے تو اس کی مثل پر خاموش رہتا ہے۔ آپ ﷺ نے اس کا جواب نہیں دیا۔ جب اس کے بعد وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے آپ ﷺ سے پوچھا تھا' میں خود جس آزمائش میں مبتلا ہوا تھا۔ اللہ عزوجل نے سورۃ النور کی یہ آیتیں نازل فرمائیں: ''وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ'' آپ ﷺ نے اس آدمی کو بلوایا۔ آپ ﷺ نے یہ آیتیں اس پر تلاوت فرمائیں اور اس کو وعظ و نصیحت فرمائی۔ اس کو بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے تھوڑا ہے۔ اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو مبعوث کیا! میں اس پر جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔ پھر اس عورت کو بلوایا، اس پر آیات تلاوت فرمائیں اور اسے وعظ و نصیحت فرمائی اس کو بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے تھوڑا ہے اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے وہ سچ نہیں

بول رہا ہے۔ بے شک وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ حضور ﷺ نے آدمی سے لعان کی ابتداء کی اس نے چار مرتبہ گواہی دی کہ وہ سچا ہے۔ پانچویں مرتبہ اس نے کہا، اللہ کی اس پر لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہے۔ پھر حضور ﷺ نے اس عورت کو بلوا کر اس سے چار مرتبہ گواہی لی کہ وہ جھوٹوں میں سے ہے۔ پانچویں مرتبہ اس نے کہا: اللہ کا غضب اس پر اگر وہ جھوٹوں میں سے ہے پھر نبی کریم ﷺ نے ان کے درمیان تفریق فرمائی۔

5631 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُسَيْنٍ يَعْنِي ابْنَ قَيْسٍ الرَّحَبِيَّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَأَنَّ فِي يَدَيْهِ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا وَهُمَا كَذَّابَا أُمَّتِي، صَاحِبُ الْيَمَامَةِ، وَصَاحِبُ الْيَمَنِ وَلَنْ يَضُرَّا أُمَّتِي شَيْئًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے (خواب میں) دیکھا گویا کہ آپ ﷺ کے دونوں ہاتھوں میں دو سونے کے کنگن ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں ان دونوں میں پھونکوں تو دونوں اُڑنے لگ جائیں۔ ان سے مراد میری امت کے دو جھوٹے صاحبِ یمامہ اور صاحبِ یمن ہیں، میری امت کو ہرگز کوئی نقصان نہیں دیں گے۔

5632 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَنْبَغِي لِلرَّجُلِ أَنْ يَلِيَ مَمْلُوكُهُ حَرَّ طَعَامِهِ وَبَرْدَهُ، فَإِذَا حَضَرَ عَزَلَهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ اس کا غلام کھانا لے کر آئے گرمیوں وسردیوں میں جب کھانا حاضر ہو اس کو علیحدہ کر دے۔

5633 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم پر

5631- الحديث في المقصد العلي برقم: **1864** .

5632- الحديث في المقصد العلي برقم: **726** .

5633- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3462** قال: حدثنا سليمان بن داؤد المهري، قال: أخبرنا ابن وهب، قال:

ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا نَرَى أَنَّ أَحَدَنَا أَحَقُّ بِالدَّنَانِيرِ وَالدَّرَاهِمِ مِنْ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ، حَتَّى كَانَ هَاهُنَا بِأَخَرَةٍ، فَأَصْبَحَ الدَّنَانِيرُ وَالدَّرَاهِمُ أَحَبَّ إِلَى أَحَدِنَا مِنْ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا ضَنَّ النَّاسُ بِالدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيرِ وَتَبَايَعُوا بِالْعِينَةِ وَاتَّبَعُوا أَذْنَابَ الْبَقَرِ، وَتَرَكُوا الْجِهَادَ، بَعَثَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ذُلًّا، ثُمَّ لَا يَنْزِعُهُ عَنْهُمْ، حَتَّى يُرَاجِعُوا دِينَهُمْ

زمانہ آ گیا ہے کہ ہم نہیں دیکھتے کہ ہم میں سے کوئی ایک دنانیر اور درہموں کا زیادہ حق دار ہے' اپنے مسلمان بھائی سے۔ یہاں تک کہ دنانیر اور درہم، زیادہ پسند ہیں۔ ہم میں سے کسی کو اپنے مسلمان بھائی سے۔ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب لوگ درہم و دنانیر کے لیے حریص ہو جائیں گے۔ اپنی عزت کو فروخت کر دیں گے' گائے کی دم کی اتباع کریں۔ جہاد کو چھوڑ دیں گے' اللہ ان پر ذلت مسلط کر دے گا۔ وہ ان سے اتاری نہیں جائے گی یہاں تک کہ وہ اپنے دین میں واپس آ جائیں۔

5634 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ لَهُ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ نَزَلَ الْقَوْمُ، فَبَصُرَ بِهِمْ رَاعٍ، فَنَزَلَ يَضْرِبُ بِيَدِهِ الصَّعِيدَ فَتَيَمَّمَ ثُمَّ أَذَّنَ، قَالَ: اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ، قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ قَالَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے جب نماز کا وقت ہوا۔ صحابہ کرام اپنی سواریوں سے اترے' ایک چرواہے نے ان کو دیکھا' آپ ﷺ نیچے اترے، اپنے ہاتھ کو مٹی پر مارا، اس سے تیمم کیا۔ پھر آپ ﷺ نے اذان دی' کہا: اللہ اکبر اللہ اکبر، حضور ﷺ نے فرمایا: یہ فطرت پر ہے۔ اس نے کہا: اشہد ان لا الہ الا اللہ، آپ ﷺ نے فرمایا: جہنم سے نکل گیا۔

5635 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، حَدَّثَنَا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتَعَارُّ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کے کسی حصہ میں جاگتے تھے تو ابتداء اپنی مسواک سے کرتے تھے۔

أخبرني حيوة بن شريح .

5634- الحديث في المقصد العلي برقم: 176 .

5635- الحديث في المقصد العلي برقم: 129 .

مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةً إِلَّا أَجْرَى السِّوَاكَ عَلَى فِيهِ

5636 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: هَلْ لَكَ فِي خَيْرٍ؟ تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ قَالَ: وَمَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ قَالَ: هَذِهِ السَّلَمَةُ فَدَعَاهَا وَهِيَ عَلَى شَاطِءِ الْوَادِي، فَجَاءَتْ تَخُدُّ الْأَرْضَ حَتَّى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاسْتَشْهَدَهَا فَشَهِدَتْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَجَعَتْ إِلَى مَكَانِهَا . فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: آتِي قَوْمِي، فَإِنْ تَابَعُونِي أَتَيْتُكَ بِهِمْ، وَإِلَّا رَجَعْتُ إِلَيْكَ فَأَكُونَ مَعَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دیہاتی آیا اس نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھلائی ہے؟ تو گواہی دیتا ہے: ان لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ؟ اس نے کہا: آپ کے لیے کون گواہی دے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سلمہ (ایک درخت جس کی چھال سے چیزوں کو رنگا جاتا ہے)، اس کو بلوایا وہ وادی کے کنارے پر تھا۔ وہ آیا زمین کو چیرتا ہوا یہاں تک کہ آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا' اس سے گواہی مانگی تو اس نے تین مرتبہ گواہی دی پھر وہ اپنی جگہ چلا گیا' دیہاتی نے کہا: میری قوم آئی ہے، اگر انہوں نے میری اتباع کی۔ ان کو میں آپ کے پاس لاؤں گا ورنہ میں لوٹ آؤں گا آپ کی طرف آپ کے ساتھ ہو جاؤں گا۔

5637 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُسٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرٍ، وَابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَطُفْ هُوَ وَأَصْحَابُهُ لِعُمْرَتِهِمْ وَحَجِّهِمْ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام نے عمرہ اور حج کے لیے صرف ایک ہی طواف کیا تھا۔

5638 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ سَعِيدِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گدھے پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس

5636- الحديث في المقصد العلي برقم: 1284 .

5637- الحديث في المقصد العلي برقم: 571 .

5638- الحديث سبق برقم: 5621,5544,5530 .

بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ إِلَى خَيْبَرَ

حالت میں کہ آپ کا رخ خیبر کی جانب تھا۔

5639 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ يَسَارٍ أَبَا الْحُبَابِ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ إِلَى تَبُوكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سواری پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حالت میں کہ آپ کا رُخ تبوک کی جانب تھا۔

5640 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ إِلَى خَيْبَرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دراز گوش پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کی طرف منہ کر کے تشریف لے جا رہے تھے۔

5641 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْتَرَ عَلَى الْبَعِيرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ پر وتر ادا فرمائے۔

5642 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الْقَسْمَلِيَّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعَ ابْنُ عُمَرَ، رَجُلًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا: مجھے میرے باپ کی قسم! پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کی قسم مت کھا کیونکہ ایک بار حضرت

5639- الحديث سبق برقم: 5638,5621,5544,5530 فراجعه .

5640- الحديث سبق برقم: 5639,5638,5621,5544,5530 فراجعه .

5641- الحديث سبق برقم: 5436 فراجعه .

5642- الحديث سبق برقم: 5512 فراجعه .

يَقُولُ: وَأَبِي، فَقَالَ: ابْنُ عُمَرَ لَا تَحْلِفْ بِهَا، فَإِنَّ عُمَرَ كَانَ يَحْلِفُ بِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْلِفْ بِهَا

عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی قسم کھائی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔

5643 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَزْمٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَأَتَانِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي لِمَ أَتَيْتُكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَصِلَ أَبَاهُ فِي قَبْرِهِ، فَلْيَصِلْ إِخْوَانَ أَبِيهِ بَعْدَهُ وَإِنَّهُ كَانَ بَيْنَ أَبِي عُمَرَ وَبَيْنَ أَبِيكَ إِخَاءٌ وَوُدٌّ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَصِلَ ذٰلِكَ

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ شریف آیا، میرے پاس عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ آئے مجھے فرمایا: آپ جانتے ہیں کہ میں آپ کے پاس کیوں آیا ہوں؟ میں نے کہا: نہیں۔ فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پسند کرتا ہے کہ اپنے باپ سے قبر میں صلہ رحمی کرے تو اس کو چاہیے کہ اس کی وفات کے بعد اپنے باپ کے بھائیوں سے صلہ رحمی کرے۔ آپ کا باپ اور میرا باپ عمر رضی اللہ عنہ دونوں کے درمیان بھائی چارہ اور محبت کا رشتہ تھا۔ میں پسند کرتا ہوں کہ آپ سے صلہ رحمی کروں۔

5644 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ كُلَّمَا رَكَعَ وَكُلَّمَا رَفَعَ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ رفع یدین کرتے تھے جب بھی رکوع میں جاتے اور اس سے سر اُٹھاتے' میں نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب دو رکعتوں میں کھڑے ہوتے تو اللہ اکبر کہتے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو اُٹھاتے۔

5645 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت محارب بن دثار فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان برتنوں کے استعمال سے منع فرمایا جن

5643- أخرجه ابن حبان في صحيحه برقم: **2031** من طريق الحسن بن سفيان' حدثنا هدبة بن خالد به .

5644- الحديث سبق برقم: **5510,5466,5410** فراجعه .

5645- الحديث سبق برقم: **5593,5586** فراجعه .

وَسَلَّمَ، عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ قَالَ: وَأُرَاهُ قَالَ: وَالنَّقِيرِ

میں شراب بنائی جاتی تھی جیسے دباء، حنتم اور نقیر۔

5646 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُرَاتٍ، قَالَ: اخْتَصَمَ إِلَى مُحَارِبٍ رَجُلَانِ، فَقَالَ: فَشَهِدَ عَلَى أَحَدِهِمَا رَجُلٌ، فَقَالَ الْمَشْهُودُ عَلَيْهِ: وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ أَنَّهُ لَرَجُلُ صِدْقٍ، وَلَئِنْ سَأَلْتَ عَنْهُ لَيُحْمَدَنَّ أَوْ لَيُزَكَّيَنَّ، وَلَقَدْ شَهِدَ عَلَيَّ بِبَاطِلٍ، مَا أَدْرِي مَا اجْتَرَأَهُ عَلَى ذَلِكَ؟ قَالَ: فَقَالَ مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ: يَا هَذَا اتَّقِ اللَّهَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: شَاهِدُ الزُّورِ لَا تَزُولُ قَدَمَاهُ حَتَّى تَجِبَ لَهُ النَّارُ، وَإِنَّ الطَّيْرَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَتَضْرِبُ بِأَجْنِحَتِهَا وَتَرْمِي مَا فِي أَجْوَافِهَا مَا لَهَا طَلِبَةٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعِظُ رَجُلًا

بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک بزرگ میرے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے نماز لمبی کی اپنا ہاتھ اپنے کولھوں پر رکھ لیا۔ اس بزرگ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا۔ ایسے طریقہ سے مارا کہ درد نہیں ہوئی۔ میں نے دل میں کہا: میرے حوالے سے انہیں کیا شک ہوا ہے؟ میں جلدی سے نماز مکمل کر کے پھرا جبکہ ان کے پیچھے ایک بچہ بیٹھا ہوا تھا، میں نے کہا: یہ بزرگ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ میں بیٹھ گیا یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ نماز مکمل کر کے پھرے، میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے کیوں مارا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو وہی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نماز میں ہاتھ لٹکانا ہے' اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

5748 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ، يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُنَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَخْلُقَ نَسَمَةً قَالَ مَلَكُ الْأَرْحَامِ مُعْرِضًا: أَيْ رَبِّ أَذَكَرٌ، أَمْ أُنْثَى؟ فَيَقُولُ، فَيَقْضِي اللَّهُ أَمْرَهُ، ثُمَّ يَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي اللَّهُ أَمْرَهُ، ثُمَّ يَكْتُبُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَا هُوَ لَاقٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ کیا روح کو پیدا کرنے کا' رحموں کے فرشتے نے عرض کی: اے رب! مذکر یا مؤنث؟ اللہ عزوجل نے اس کے معاملہ کا فیصلہ فرمایا۔ پھر عرض کی: بدبخت یا خوش بخت؟ اللہ عزوجل نے اس معاملے کا بھی فیصلہ فرمایا۔ پھر اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان وہ کچھ لکھ دیا جس سے وہ ملنے والا ہے یہاں تک کہ چھوٹی سے چھوٹی وہ تکلیف جو

رقم الحديث: **5836** قال: حدثنا وكيع .

5748- الحديث في المقصد العلى برقم: **1137** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **2918** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**193** وقال: رواه أبو يعلىٰ' والبزار' ورجال أبي يعلىٰ رجال الصحيح .

حَتَّى النَّكْبَةَ يُنْكَبُهَا

اسے پہنچنے والی ہے۔

5749 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ رَكَعَاتٍ: رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ صَلَاةِ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کیں دس رکعتیں، دو فجر سے پہلے، دو ظہر سے پہلے، دو ظہر کے بعد، دو مغرب کے بعد، دو عشاء کے بعد۔

5750 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَتَوَضَّأُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَتَوَضَّأُ مَرَّةً مَرَّةً، يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اعضائے وضو کو تین تین مرتبہ دھوتے تھے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث بیان کرتے جبکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک ایک مرتبہ دھوتے تھے یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً ہے۔

5751 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَفْصٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي، أَنَّهُ كَانَ مَعَ ابْنِ عُمَرَ بِطَرِيقِ مَكَّةَ فَصَلَّى بِهِمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى رَحْلِهِ وَانْصَرَفْنَا مَعَهُ، فَالْتَفَتَ فَرَأَى نَاسًا يُصَلُّونَ فَقَالَ: مَا يَصْنَعُ هَؤُلَاءِ؟ قُلْتُ: يُسَبِّحُونَ، قَالَ: لَوْ كُنْتُ مُسَبِّحًا لَأَتْمَمْتُ

حضرت عیسیٰ بن حفص نے میرے باپ کو خبر دی کہ وہ مکہ کے راستے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھے پس آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی پھر اپنی سواری کی طرف واپس آئے تو ہم بھی ان کے ساتھ لوٹے پس اُنہوں نے (لوگوں کی طرف) توجہ فرمائی تو انہوں نے کچھ لوگوں کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا پس آپ نے

5749- أخرجه أحمد جلد 2صفحه51 رقم الحديث: 5127 قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا شعبة (ح) وحجاج' قال: حدثني شعبة' عن قتادة .

5750- أخرجه النسائي رقم الحديث: 81 . وابن ماجة رقم الحديث: 33 . وأحمد جلد 2صفحه8 عن أبي المطلب: أن عبد الله بن عمر .

5751- الحديث سبق برقم: 2532 فراجعه .

صَلَاتِي يَا ابْنَ أَخِي صَحِبْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزِدْ فِي السَّفَرِ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، حَتَّى قَبَضَهُ اللَّهُ، ثُمَّ صَحِبْتُ أَبَا بَكْرٍ فَلَمْ يَزِدْ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَحِبْتُ عُمَرَ فَلَمْ يَزِدْ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَحِبْتُ عُثْمَانَ فَلَمْ يَزِدْ عَلَى رَكْعَتَيْنِ، حَتَّى قَبَضَهُ اللَّهُ، وَقَالَ اللَّهُ (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ) (الأحزاب: 21)

فرمایا: یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: نماز پڑھ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اگر میں نماز پڑھنے والا ہوں تو میں نے اپنی نماز مکمل کی ہے اے میرے بھائی کے بیٹے! میں نبی کریم ﷺ کی صحبت میں تھا' پس آپ نے سفر میں دو رکعتوں پر اضافہ نہیں کیا حتیٰ کہ آپ ﷺ کا وصال ہوا' پھر میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سنگت اختیار کی' پس اُنہوں نے دو رکعتوں پر اضافہ نہیں کیا' پھر میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر کیا' پس آپ رضی اللہ عنہ نے دو رکعتوں پر اضافہ نہیں کیا' پھر میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا' پس آپ نے بھی دو رکعتیں ہی ادا فرمائیں' حتیٰ کہ ان کا وصال ہوا اور اللہ کا فرمان ہے: ''تحقیق تمہارے لیے رسول کریم ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے''۔

5752 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَمَرَّ بِبِرْكَةٍ مِنْ مَاءٍ فَكَرَعُوا فِيهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْرَعُوا وَلَكِنِ اغْسِلُوا أَيْدِيَكُمْ وَاشْرَبُوا، فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنَ الْآنِيَةِ شَيْءٌ أَنْظَفُ مِنَ الْيَدِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ ایک سفر میں تھے تو پانی کے ایک تالاب کے پاس سے گزرے' پس لوگوں نے اس سے منہ لگا کر پانی پیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: منہ لگا کر نہ پیو بلکہ اپنے ہاتھ دھو کر ان کے ساتھ پیو کیونکہ یہ سب سے صاف ترین برتن ہے۔

5753 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَهُوَ بِمِنًى: كَمْ تُصَلِّي

حضرت داؤد بن ابوعاصم فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی اس حال میں کہ وہ منیٰ میں تھے: یہاں کتنی رکعتیں پڑھتے ہو؟ اُنہوں نے

5752- الحديث سبق برقم: 5675 فراجعه .

5753- الحديث سبق برقم: 5695 فراجعه .

هَاهُنَا؟ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ، وَأَبُو بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ وَعُمَرُ رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّاهَا عُثْمَانُ سِتَّ سِنِينَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّوْهَا أَرْبَعًا، فَكُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَهُمْ صَلَّيْنَا أَرْبَعًا، وَإِذَا صَلَّيْنَا عَلَى حِدَةٍ صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ

فرمایا: دو رکعت پڑھیں۔ حضرت ابوبکر و عمر نے دو رکعتیں پڑھیں' حضرت عثمان نے پہلے چھ سال دو رکعتیں پڑھیں پھر اُنہوں نے چار رکعت ادا کیں' پس میں جب ان کے ساتھ پڑھتا تو چار پڑھتا اور جب علیحدہ پڑھتا تو دو رکعت پڑھتا۔

5754 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: كُنَّا فِي جَيْشٍ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَانْهَزَمْنَا وَكُنَّا نَفَرًا، فَقُلْنَا نَهْرُبُ فِي الْأَرْضِ، وَلَا نَأْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيَاءً مِمَّا صَنَعْنَا، ثُمَّ قَالَ بَعْضُنَا: لَوْ أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَامْتَرَيْنَا مِنْهَا وَتَجَهَّزْنَا، فَلَمَّا دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ قُلْنَا: لَوْ عَرَضْنَا أَنْفُسَنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَنَظَرْنَاهُ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَحْنُ الْفَرَّارُونَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ أَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِينَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہم ایک لشکر میں تھے جن کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا تھا' لوگوں نے تھوڑی دیر راہِ فرار اختیار کی تو ہمیں شکست ہوگئی جبکہ ہم ایک گروہ تھے' ہم کہتے تھے: (ہو سکے) تو زمین میں کہیں دوڑ جائیں لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں (اس حال میں) نہ جائیں جو ہم نے کیا اس کی وجہ سے شرم آ رہی تھی۔ پھر ہم میں سے بعض نے کہا: مدینے چلے جاتے ہیں لیکن مدینہ میں داخل نہ ہوں گے' باہر رہیں گے اور تیاری کریں گے۔ پس جب ہم مدینہ میں داخل ہوئے تو ہم نے کہا: آپ کسی طریقے ہو سکے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا آپ پیش کریں۔ راوی کہتا ہے: پس ہم نے صبح کی نماز کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم ہیں بھاگنے والے! تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ تم ہو رجوع کرنے والے! میں مسلمانوں کو لوٹانے والا ہوں۔

5755 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ،

حضرت زاذان فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما

5754- الحديث سبق برقم: 5571 فراجعه .

5755- أخرجه أحمد جلد 2صفحه25 رقم الحديث: 4784 وجلد2صفحه61 رقم الحديث: 5266 قال: حدثنا

عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ زَاذَانَ، أَنَّ ابنَ عُمَرَ، لَطَمَ غُلَامًا لَهُ، ثُمَّ أَعْتَقَهُ فَقَالَ: مَا لِي مِنْ أَجْرِهِ هَذِهِ - وَأَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ - سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ ضَرَبَ عَبْدَهُ ظَالِمًا لَمْ يَكُنْ لَهُ كَفَّارَةٌ دُونَ عِتْقِهِ

نے اپنے غلام کوتھپڑ مارا۔ پھر اس کو آزاد کر دیا اور فرمایا: میرے لیے اس کو آزاد کرنے سے کوئی اجر نہیں ہے اور زمین میں سے کوئی چیز اُٹھائی' میں نے حضور ﷺ نے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے ناحق کسی غلام کو مارا۔ اس کو آزادہ کرنے کے علاوہ کوئی کفارہ نہیں ہے۔

5756 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ النَّجْرَانِيِّ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي بِسَكْرَانَ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ ثُمَّ قَالَ: مَا شَرَابُكَ؟ قَالَ: زَبِيبٌ وَتَمْرٌ. قَالَ: تَخْلِطُونَهَا؟ بَلَغَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْ صَاحِبِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا، نشہ کی حالت میں۔ آپ ﷺ نے اس پر حد لگائی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے کون سی شراب پی ہے؟ عرض کی: کشمش اور کھجور کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو ملا لیا کرو ہر ساتھی کے لیے کافی ہو جائے گی۔

5757 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ، وَأَصْحَابُهُ مُتَوَافِرُونَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، ثُمَّ نَسْكُتُ

حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم شمار کرتے تھے اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ باحیات تھے۔ آپ ﷺ کے صحابہ ایک دوسرے کی عزت وحرمت کا خیال رکھتے تھے' حضرت ابوبکر وعمر وعثمان کی فضیلت پھر ہم خاموش ہو جاتے۔

5758 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ کے بارے روایت ہے کہ آپ ﷺ لا الہ الا اللہ پڑھتے تھے جب سواری پر

وكيع' عن سفيان ۔ وفي جلد 2صفحه45 رقم الحديث: 5051 قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا شعبة ۔ وفي جلد2صفحه61 رقم الحديث: 5267 قال: حدثنا عبد الرحمٰن' عن سفيان ۔

5756- الحديث في المقصد العلي برقم: 843 ۔ وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه278 وقال: رواه أحمد من رواية النجراني' عن ابن عمر' ولم أعرفه' وبقية رجاله رجال الصحيح' ورواه أبو يعلى وزاد: ما شرابك؟ قال: زبيب و تمر ۔

5757- الحديث سبق برقم: 5576-5578 فراجعه ۔

5758- الحديث طرف من حديث ابن عمر في الاهلاك عند الاستواء على الراحلة ۔

أَنَّـهُ كَـانَ يُهِـلُّ إِذَا اسْتَـوَتْ بِـهِ رَاحِـلَتُهُ وَيُهِلُّ دُبُرَ الصَّلَاةِ وَكَـانَ يَـقُـولُ: إِنَّ رَسُـولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ

سیدھے ہو کر بیٹھ جاتے تھے اور نماز کے بعد بھی اور فرمایا کرتے تھے کہ حضور ﷺ بھی ایسے ہی کیا کرتے تھے۔

5759 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْـثَـمَةَ، حَـدَّثَنَا عَبْدُ الـرَّحْـمَـنِ، عَـنْ مَـالِكِ بْـنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْتَرَ عَلَى الْبَعِيرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اونٹ پر وتر ادا کیے۔

5760 - حَـدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَـارُونَ، أَخْبَـرَنَـا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَـطَـاءٍ، عَـنِ ابْـنِ عُـمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ قَـالَ: صَلَاـةٌ فِـي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاـةٍ فِيـمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مسجدوں میں نماز پڑھنے سے ہزار نمازوں سے زیادہ افضل ہے مسجد حرام کے علاوہ۔

5761 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ الـنَّبِـيِّ صَـلَّـى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُـنِيَ الْإِسْلَامُ عَـلَى خَمْسٍ: شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُـولُ الـلَّـهِ، وَإِقَامُ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءُ الزَّكَاةِ، وَحَجُّ الْبَيْتِ، وَصَوْمُ رَمَضَانَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) گواہی دینا اشھدان لا الہ الا اللہ واشھدان محمد رسول اللہ کی (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکوٰۃ دینا (۴) بیت اللہ کا حج کرنا (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

5762 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی لونڈی آپ رضی اللہ عنہ کے

5759- الحديث سبق برقم: **5631** فراجعه .

5760- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **29** رقم الحديث: **4838** قال: حدثنا اسحاق بن يوسف . وفي جلد **2** صفحه **155** رقم الحديث: **646** قال: حدثنا محمد بن عبيد .

5761- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **120** رقم الحديث: **6015** قال: حدثنا هاشم . ومسلم جلد **1** صفحه **34** قال: حدثنا عبيد الله بن معاذ' قال: حدثنا أبي .

بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ قَطَنٍ، أَنَّ مَوْلَاةً لِابْنِ عُمَرَ أَتَتْهُ لِتُسَلِّمَ عَلَيْهِ لِتَخْرُجَ مِنَ الْمَدِينَةِ وَقَالَتْ: أَخْرُجُ إِلَى الرِّيفِ فَقَدِ اشْتَدَّ عَلَيْنَا الزَّمَانُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اجْلِسِي لَكَاعِ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَبَرَ عَلَى لَأْوَائِهَا، وَشِدَّتِهَا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا، أَوْ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

پاس آئی، آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کیا تا کہ مدینہ شریف سے نکل جائے۔ اس نے کہا: میں ریف کی طرف نکل رہی ہوں ہم پر زمانہ کی سختی آ گئی ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بچی! تُو بیٹھ کیونکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مدینہ کی سختی و آزمائش پر صبر کیا میں اس کا سفارشی ہوں گا قیامت کے دن۔

5763 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ قَطَنِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ يُحَنَّسَ، أَنَّ مَوْلَاةً لِابْنِ عُمَرَ أَتَتْهُ فَقَالَتْ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَقَالَ: مَا شَأْنُكِ؟ فَقَالَتْ: أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى الرِّيفِ وَذَكَرَتِ السِّعْرَ فَقَالَ لَهَا: اقْعُدِي لَكَاعِ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَصْبِرُ عَلَى لَأْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا، أَوْ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی لونڈی آپ رضی اللہ عنہ کے پاس آئی، آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کیا تا کہ مدینہ شریف سے نکل جائے۔ اس نے کہا: میں ریف کی طرف نکل رہی ہوں ہم پر زمانہ کی سختی آ گئی ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو بیٹھ! میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مدینہ کی سختی و آزمائش پر صبر کیا میں اس کا سفارشی ہوں گا قیامت کے دن یا گواہ ہوں گا۔

5764 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اُنہوں نے مزدلفہ میں ایک ہی اقامت کے ساتھ عشاء و مغرب پڑھائی' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا ہے۔

5765 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مالک فرماتے ہیں کہ میں نے

5763- الحديث سبق برقم: 5762 فراجعه .

5764- الحديث سبق برقم: 5744 فراجعه .

5765- الحديث سبق برقم: 5764,5744 فراجعه .

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا، وَالْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ بِإِقَامَةٍ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: صَلَّيْتُهَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مغرب وعشاء مزدلفہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ پڑھیں، پس انہوں نے مغرب کی صرف تین رکعتیں اور عشاء کی دو رکعتیں صرف اقامت کے ساتھ ادا فرمائیں۔ پس جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ایک آدمی نے ان سے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ کیا نماز ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے اسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ادا کیا۔

5766 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، قَالَ: حَدَّثَنِي لَيْثٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے تھے: تم میں سے جو آدمی جمعہ کی طرف آئے تو غسل کرے۔

5767 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، وَزَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، كُلُّهُمْ يُخْبِرُونَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ خُيَلَاءَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس آدمی کی طرف دیکھے گا ہی نہیں جو تکبر سے اپنی چادر کو گھسیٹتا ہے۔

5768 - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، أَخْبَرَنِي مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشِّغَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح شغار سے منع کیا ہے۔ (نکاح شغار یہ ہے کہ آدمی اپنی بیٹی کا نکاح دوسرے سے کرے

5766- الحديث سبق برقم: 5504 فراجعه .

5767- الحديث سبق برقم: 5618 فراجعه .

5768- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 331 . وأحمد جلد 2 صفحه 7 رقم الحديث: 4526 وجلد 2 صفحه 62 رقم الحديث: 5289 قال: حدثنا عبد الرحمٰن .

اس کی بیٹی کا اپنے بیٹے سے کرے اور دونوں کے درمیان حق مہر مقرر نہ رکھا جائے)۔

5769 - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، وَسُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ مُصْعَبٌ: حَدَّثَنِي، وَقَالَ سُوَيْدٌ: مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النَّجْشِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نجش سے منع کیا۔

5770 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ أُبِّرَتْ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ، إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کھجور کا باغ فروخت کیا' اس کا پھل پک چکا ہے' تو وہ پھل بائع کا ہے' ہاں اگر مشتری خریدنے کی شرط لگالے۔

5771 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ، حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گندم خریدے وہ اس کو فروخت نہ کرے یہاں تک کہ وہ پک جائے۔

5772 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُو صَلَاحُهَا، نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ پک جائیں بائع اور مشتری کو منع کیا۔

5773 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل

5769- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **425,424** . واحمد جلد **2** صفحه **7** رقم الحديث: **4531** وجلد **2** صفحه **63** رقم الحديث: **5304** قال: حدثنا عبد الرحمٰن' قال: حدثنا مالك .

5770- الحديث سبق برقم: **4592,5455,5445** .

5771- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **111** رقم الحديث: **5900** قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى' قال: أخبرنا ابن لهيعة' عن أبى الأسود .

5772- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **382** . وأحمد جلد **2** صفحه **7** رقم الحديث: **4525** وجلد **2** صفحه **63** رقم الحديث: **5292** قال: حدثنا عبد الرحمٰن' يعنى ابن مهدى .

5773- الحديث سبق برقم: **5772** فراجعه .

اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

روایت کرتے ہیں۔

5774 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: كُنَّا فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَاعُ الطَّعَامَ، فَيَبْعَثُ إِلَيْنَا مَنْ يَأْمُرُنَا بِانْتِقَالِهِ مِنَ الْمَكَانِ الَّذِي ابْتَعْنَاهُ فِيهِ إِلَى مَكَانٍ سِوَاهُ قَبْلَ أَنْ نَبِيعَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں گندم خرید کرتے تھے۔ ہماری طرف بھیجتا جو حکم دیتا تھا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے لیے۔ جس جگہ ہم نے خرید کی ہوتی تھی برابر ہے کہ فروخت کرنے سے پہلے۔

5775 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دوسرے کی بیع پر بیع نہ کرو۔

5776 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيمَةَ الْعَدْلِ، فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَأَعْتَقَ عَلَيْهِ، وَإِلَّا عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے حصہ کا غلام فروخت کرنا چاہتا ہے اس کے پاس اتنے پیسے ہیں کہ باقی غلام کو بھی آزاد کردے تو وہ باقی حصے کو بھی آزاد کروا دے ورنہ اس کا وہی آزاد ہوگا جو اس نے آزاد کیا تھا۔

5777 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلُ الشَّامِ مِنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ والے ذوالحلیفہ سے شام والے جُحفہ سے اور نجد والے قرن سے احرام باندھیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور مجھے یہ بات پہنچی ہے

5774- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **397** . وأحمد جلد **1** صفحه **56** رقم الحديث: **395** قال: حدثنا اسحاق بن عيسىٰ' قال: أنبانا مالك .

5775- الحديث سبق برقم: **5769** مختصرًا فراجعه .

5776- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **483** . وأحمد جلد **1** صفحه **56** رقم الحديث: **397** وجلد **2** صفحه **112** رقم الحديث: **5920** قال: حدثنا اسحاق' قال: أخبرني مالك .

5777- الحديث سبق برقم: **5583,5692** فراجعه .

الْجُحْفَةِ، وَأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَبَلَغَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ

کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یمن والے یلملم سے احرام باندھیں۔

5778 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَزِيدُ فِيهَا: لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کا تلبیہ: ''لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ الی آخرہ''۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس میں اضافہ کرتے تھے: ''لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ الی آخرہ''۔

5779 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ، وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا السَّرَاوِيلَاتِ، وَلَا الْخِفَافَ، إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا يَلْبَسُ مِنَ الثِّيَابِ مَا مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ وَلَا الْوَرْسُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا: احرام باندھنے والا کیا پہنے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ چیزیں نہ پہنے: قمیص' پگڑی' پاجامے اور موزے مگر کوئی آدمی جوتے نہ پائے تو موزے اس طرح پہنے کہ ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ دے اور جس کپڑے پر زعفران یا ورس لگی ہوا سے بھی نہ پہنے۔

5780 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنِي صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي تَفُوتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا' آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک جس آدمی کی عصر کی نماز فوت ہو جائے' گویا اس کا گھر اور مال ہلاک ہو گیا۔

5778- الحديث سبق برقم: 5666 فراجعه .

5779- الحديث سبق برقم: 5402 فراجعه .

5780- الحديث سبق برقم: 5481,5480,5424 فراجعه .

5781 - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، أَخْبَرَنِي صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَقَالَ: لَا تَلَقَّوُا الْبُيُوعَ، وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا يَخْطُبْ أَحَدُكُمْ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ حَتَّى يَتْرُكَ الْخَاطِبُ الْأَوَّلُ أَوْ يَأْذَنَ لَهُ فَيَخْطُبَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی شہری دیہاتی سے بیع نہ کرے نہ اپنے بھائی کے نکاح کے پیغام پر پیغام پہنچائے یہاں تک پہلا چھوڑ دے یا اس کو اجازت دی جائے۔

5782 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا لَهُ فِي عَبْدٍ وَكَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ قَدْرُ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيمَةَ عَدْلٍ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی جس نے غلام میں سے اپنے حصے کو آزاد کر دیا اور غلام کا مال اس کی قیمت کو پہنچتا ہے تو اس کی قیمت لگائی جائے گی اور ایک عادل آدمی قیمت لگائے گا ورنہ اس غلام کا وہی حصہ آزاد ہوگا جو اس آدمی نے آزاد کیا۔

5783 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا نَادَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَكَذَا - بِأُصْبُعِهِ يَصِفُهَا - مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَصَلِّ رَكْعَةً تُوتِرُ لَكَ صَلَاتَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول کریم ﷺ کو نداء دی اس حال میں کہ آپ ﷺ منبر پر تھے۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! رات کی نماز کا طریقہ کیا ہے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس طرح اپنی انگلیوں کے ساتھ اس کی وضاحت کی یعنی دو دو پس جب صبح صادق ہو جانے کا ڈر ہو تو ایک رکعت پڑھ وہ تیری نماز کو وتر بنا دے گی۔

5784 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی

5781- أخرجه البخاري جلد3صفحه94 قال: حدثني عبد الله بن صباح' قال: حدثنا أبو علي الحنفي' عن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن دينار' قال: حدثنا أبو علي الحنفي' عن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن دينار' قال: حدثنني أبي' فذكره .

5782- الحديث سبق برقم: 5776 فراجعه .

5783- الحديث سبق برقم: 5741,5609,5470 فراجعه .

5784- الحديث سبق برقم: 5519,5473,5405 .

نَـافِـعٍ، عَـنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ؟ قَالَ: الْغُرَابَ، وَالْحِدَأَةَ، وَالْكَلْبَ الْعَقُورَ . قَالَ جَرِيرٌ: وَقَالَ لِي أَيُّوبُ: قُلْتُ لِنَافِعٍ: فَالْحَيَّةُ؟ قَالَ: تِلْكَ لَا يَخْتَلِفُ فِيهَا اثْنَانِ

نے حضور ﷺ سے منبر پر پوچھا: یارسول اللہ! محرم کون سے جانور مار سکتا ہے؟ فرمایا: کوا' چیل' پاگل کتا۔ حضرت جریر فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ایوب نے فرمایا: میں نے نافع سے کہا: سانپ؟ فرمایا: یہ اُن میں دو مختلف نہیں ہیں۔

5785 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ، فَمَا مَرَرْتُ بِهِ مُنْذُ رَأَيْتُهُ إِلَّا اسْتَلَمْتُهُ قَالَ نَافِعٌ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُزَاحِمُ عَلَيْهِ فَإِذَا رَأَوْهُ وَسَّعُوا لَهُ فَلَقَدْ وَقَعْتُ يَوْمًا فِي زِحَامِ النَّاسِ فَوَضَعَ رَجُلٌ مِرْفَقَهُ مِنْ خَلْفِي وَوَقَعَ الرَّجُلُ مِنْ أَمَامِهِ وَوَقَعْتُ مِنْ خَلْفِي، فَمَا ظَنَنْتُ أَنْ أَنْفَلِتَ حَتَّى يَقْتُلُونِي وَأَبَى هُوَ إِلَّا أَنْ يَتَقَدَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ حجر اسود کو بوسہ دے رہے تھے' جب سے میں نے آپ ﷺ کو دیکھا ہے' اس کے بعد جب بھی گزرا ہوں تو میں نے حجر اسود کو بوسہ دیا ہے' پس لوگوں نے انہیں دیکھا تو ان کے لیے گنجائش پیدا کی۔ یہ حضرت نافع کا قول ہے' اس حال میں کہ آپ بھیڑ میں آ گئے تھے۔ حضرت نافع فرماتے ہیں: میں ایک دن لوگوں کی بھیڑ میں آ گیا' پس ایک آدمی نے اپنی کہنی میرے پیچھے رکھی' ایک آدمی میرے آگے گر گیا اور میں پیچھے گر گیا۔

5786 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ: مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ؟ قَالَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ وَلَا الْعِمَامَةَ، وَلَا السَّرَاوِيلَ، وَلَا الْبُرْنُسَ، وَلَا الْخُفَّيْنِ، إِلَّا لِأَحَدٍ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ، فَمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَلَا شَيْءَ مِنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی جبکہ رسول کریم ﷺ منبر پر تھے: محرم کیا پہنے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قمیص' عمامہ' پاجامے' برقعے اور موزے نہ پہنے مگر وہ آدمی جو جوتے نہ پائے تو ٹخنوں کے نیچے سے موزوں کو کاٹ دے اور کپڑوں میں سے جن کو زعفران یا ورس سے رنگا گیا ہو۔

5785- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 3 رقم الحديث: 4463 قال: حدثنا هُشَيم . وفي جلد 2 صفحه 57 رقم الحديث: 5201 قال: حدثنا يحيى .

5786- الحديث سبق برقم: 5779 فراجعه .

الثِّيَابِ مَسَّهُ وَرْسٌ، وَلَا زَعْفَرَانٌ

5787 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ الْمِنْقَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نُمْسِكُ عَنِ الِاسْتِغْفَارِ، لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ حَتَّى سَمِعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: (إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ) (النساء: **48**) قَالَ: إِنِّي ادَّخَرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي قَالَ فَأَمْسَكْنَا عَنْ كَثِيرٍ مِمَّا كَانَ فِي أَنْفُسِنَا، ثُمَّ نَطَقْنَا بَعْدُ وَرَجَوْنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے استغفار سے رُک گئے تھے یہاں تک کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل مشرک کو نہیں بخشے گا۔ اس کے علاوہ جس کو چاہے گا بخش دے گا۔ میں نے اپنی دعا کبیرہ گناہ والوں کے لیے مؤخر کر دی ہے۔ اپنی امت کے لیے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے بہت سی (اشیاء) سے جو روک دیا گیا جو ہمارے دلوں کے اندر تھا پھر ہم اس کے بعد طاقت اور رجوع کرتے۔

5788 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُطَارِدَ التَّمِيمِيَّ يُقِيمُ فِي السُّوقِ حُلَّةً سِيَرَاءَ وَكَانَ رَجُلًا يَغْشَى الْمُلُوكَ وَيُصِيبُ مِنْهُمْ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي رَأَيْتُ عُطَارِدَ يُقِيمُ فِي السُّوقِ حُلَّةً سِيَرَاءَ فَلَوِ اشْتَرَيْتَهَا، فَلَبِسْتَهَا لِوُفُودِ الْعَرَبِ، إِذَا قَدِمُوا عَلَيْكَ - وَأَظُنُّهُ قَالَ: وَتَلْبَسُهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟- فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ . فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ أُتِيَ رَسُولُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عطارد تمیمی کو دیکھا جو بازار میں خوبصورت لباس ریشمی رکھ کر بیٹھا ہوا تھا' وہ ایسا آدمی تھا جو بادشاہوں کو لباس پہناتا تھا اور ان سے انعامات لیتا تھا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے دیکھا ہے عطارد بازار میں خوبصورت ریشمی لباس رکھ کر بیٹھا ہے' پس اگر آپ اس کو خرید لیں تو اس کو پہنیں' جب عرب کے وفد آئیں اور میرا گمان ہے عرض کی کہ اس کو جمعہ کے دن بھی زیب تن فرمائیں۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: وہی آدمی دنیا

5787- الحديث في المقصد العلي برقم: **1175** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**5** وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح' غير حرب بن سريج' وهو ثقة .

5788- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **571** . والحميدي رقم الحديث: **679** قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا أيوب ابن موسى .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُلَلٍ سِيَرَاء فَبَعَثَ إِلَى عُمَرَ بِحُلَّةٍ وَبَعَثَ إِلَى أُسَامَةَ بِحُلَّةٍ وَأَعْطَى عَلِيًّا حُلَّةً وَقَالَ: شَقِّقْهَا خُمُرًا بَيْنَ نِسَائِكَ فَجَاء عُمَرُ بِحُلَّتِهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَعَثْتَ إِلَيَّ بِهَذِهِ وَقَدْ قُلْتَ أَمْسِ فِي حُلَّةِ عُطَارِدَ مَا قُلْتَ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَمْ أَبْعَثْ بِهَا إِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا، وَلَكِنْ بَعَثْتُ بِهَا إِلَيْكَ لِتُصِيبَ مِنْهَا وَأَمَّا أُسَامَةُ فَرَاحَ فِي حُلَّتِهِ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرًا، عَرَفَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَنْكَرَ مَا صَنَعَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَنْظُرُ إِلَيَّ، فَأَنْتَ بَعَثْتَ بِهَا إِلَيَّ؟ قَالَ: إِنِّي لَمْ أَبْعَثْ إِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا، وَلَكِنِّي بَعَثْتُ بِهَا إِلَيْكَ لِتُشَقِّقَهَا خُمُرًا بَيْنَ نِسَائِكَ

میں ریشم پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ پس جب اس کے بعد کا دن آیا تو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں زرد رنگ کی ریشمی چادریں پیش کی گئیں، پس آپ ﷺ نے ایک چادر حضرت عمر کی طرف، ایک اسامہ کی طرف بھیجی اور ایک چادر حضرت علی کو عطا کی، اور فرمایا: اس کو کاٹ کر اپنی عورتوں کی اوڑھنیاں بنا لو۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنا حُلّہ لے کر حاضرِ خدمت ہوئے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! (آج تو) آپ نے یہ میری طرف بھیجا ہے اور کل میں نے عطارد کے حُلّے کے بارے میں آپ سے عرض کیا تھا تو آپ نے وہ بات کی تھی؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے تیری طرف اس لیے نہیں بھیجا کہ تم خود اسے پہن لو بلکہ میں نے تمہاری طرف اس لیے بھیجا ہے کہ اس میں سے وہ لیں۔ بہرحال حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ اپنے حُلّہ میں بہت خوش ہوئے۔ پس رسول کریم ﷺ کی ان پر نگاہ پڑ گئی تو وہ پہچان گئے کہ رسول کریم ﷺ نے ان کا کام کو پسند نہیں کیا۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ میری طرف مسلسل کیوں دیکھ رہے ہیں؟ پس آپ نے ہی تو یہ بھیجا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے یہ تیرے اپنے پہننے کو نہیں بھیجا بلکہ میں نے یہ تیری طرف بھیجا ہے تاکہ تُو اس کو کاٹ کر اپنی عورتوں کے دوپٹے بنائے۔

5789- حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کا تلبیہ یہ تھا: "لبیک اللّٰھم لبیک الی

5789- الحديث سبق برقم: 5778 فراجعه .

كَانَتْ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

آخرہ''۔

5790 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

5791 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الثَّقَفِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، مَوْلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِي أَهْلِهِ، وَالرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ فِي أَهْلِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ مغرب کے بعد اپنے گھر والوں میں دو رکعت ادا کر رہے تھے۔

5792 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَدِينِيُّ أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْتَقِبُ الْمُحْرِمَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احرام والی عورت نقاب نہ اوڑھے۔

5793 - حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ أَبُو الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشِّغَارِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح شغار سے منع فرمایا۔ حضرت مالک نے فرمایا کہ نکاح شغار یہ ہے کہ ایک آدمی اپنی بیٹی کا

5790- الحديث سبق برقم: 5443 فراجعه .

5791- الحديث سبق برقم: 5749 فراجعه .

5792- اخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 1825 من طريق قتيبة بن سعيد، حدثنا الليث، عن نافع، عن ابن عمر، عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه .

5793- الحديث سبق برقم: 5768 فراجعه .

، قَالَ مَالِكٌ: الشِّغَارُ أَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ عَلَى أَنْ يُزَوِّجَهُ ابْنَتَهُ

نکاح اس شرط پر کر کے دے کہ دوسرا اسے اپنی بیٹی کا نکاح اس سے کر کے دے گا (اور مہر نہ ہوگا)۔

5794 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَدَوِيُّ يَعْنِي حَوْثَرَةَ بْنَ أَشْرَسَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُقْبَةُ بْنُ أَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُقَيَّرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دبا (کدو کو اندر سے خالی کر کے شراب بنانے کا برتن بنالینا اور مقیر سے منع فرمایا۔

5795 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ حَبَلِ الْحَبَلَةِ . قَالَ وَكَانَ يَبْتَاعُهُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ الرَّجُلُ يَبْتَاعُ الْجَزُورَ إِلَى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ، ثُمَّ تُنْتَجَ الَّتِي فِي بَطْنِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاملہ جانور کے حمل کی بیع سے منع فرمایا۔ راوی نے کہا: جاہلی اس کو خرید لیا کرتے تھے ایک آدمی اونٹ خریدتا' اونٹنی کے بچہ جننے تک' پھر جو اس کے پیٹ میں ہے وہ جنے گی۔

5796 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ بِالْخِيَارِ، مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ قَالَ مَالِكٌ: وَلَيْسَ لِهَذَا عِنْدَنَا حَدٌّ مَعْرُوفٌ وَلَا أَمْرٌ مَعْمُولٌ بِهِ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو بیع کرنے والوں کو اختیار ہوتا ہے کہ ہر ایک ان میں سے اپنے ساتھی پر اختیار کے ساتھ ہوتا ہے جب تک دونوں جدا نہ ہو جائیں مگر بیع خیار میں اجازت ہے۔ حضرت مالک فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک کوئی معین حد نہیں ہے' نہ اس میں کوئی ایسا معاملہ ہے کہ جس پر عمل کیا جاتا ہو۔

5797 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5794- الحديث سبق برقم: **5645,5593,5586** فراجعه .

5795- الحديث سبق برقم: **5627** فراجعه .

5796- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **416** . وأحمد جلد **1** صفحه **56** رقم الحديث: **393** قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى . والبخاري جلد **3** صفحه **84** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف .

5797- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **148** رقم الحديث: **6360** وجلد **2** صفحه **149** رقم الحديث: **6365,6363** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر .

حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ أَعْوَرُ، عَيْنُهُ الْيُمْنَى كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب کانا نہیں ہے مسیح دجال کانا ہے دائیں آنکھ سے اس کی دائیں آنکھ اس طرح ہو گی جس طرح وہ انگور کا دانہ جو دوسروں سے بڑھا ہوا اور ظاہر ہو کر بلند ہوتا ہے۔

5798 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ مُخَارِقٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي تَفُوتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جس کی عصر کی نماز فوت ہوگئی' گویا اس کا اہل و مال ہلاک ہوگیا۔

5799 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثَوْبَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو خبر دی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جو تکبر سے اپنی چادر کو کھینچتا ہے' قیامت کے دن اللہ اس پر نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

5800 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً إِلَى نَجْدٍ فِيهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَغَنِمُوا غَنَائِمَ كَثِيرَةً، وَكَانَتْ سُهْمَانُهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا وَنُفِّلَ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نجد کی طرف ایک سریہ بھیجا۔ میں بھی ان میں تھا، بہت زیادہ مال غنیمت حاصل ہوا۔ ان کے حصے بارہ اونٹ تھے' ان میں سے ہر آدمی کو مالِ غنیمت ملا۔

5801 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5798- الحديث سبق برقم: **5430,5424** فراجعه .

5799- الحديث سبق برقم: **5618,5767** فراجعه .

5800- اخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **279** . والحميدى رقم الحديث: **694** قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا أيوب . وأحمد جلد**2**صفحه**10** رقم الحديث: **4579** قال: حدثنا سفيان' عن أيوب .

5801- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**3** رقم الحديث: **4467** قال: حدثنا معتمر . وفى جلد**2**صفحه**16** رقم الحديث: **4649** وجلد**2**صفحه**53** رقم الحديث: **5149** قال: حدثنا يحيىٰ بن سعيد .

عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ہم پر ہتھیار اٹھائے اس کا تعلق ہم سے نہیں۔

5802 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا حَقُّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَهُ شَيْءٌ يُوصِي فِيهِ يَبِيتُ فَوْقَ لَيْلَتَيْنِ، إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عَنْدَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر مسلمان آدمی جو کسی چیز کا مالک ہے، جس میں وصیت کی جا سکتی ہے، وہ دو سے زیادہ راتیں نہ گزارے مگر اس کی وصیت لکھی ہوئی ہو۔

5803 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا، إِذَا كَانَ نَفَرٌ ثَلَاثَةٌ أَنْ يَتَنَاجَى اثْنَانِ مِنْهُمْ دُونَ الثَّالِثِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ ہمیں منع فرمایا کرتے تھے جب ہمارا گروہ تین پر مشتمل ہوتا کہ ان میں سے دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی کریں۔

5804 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ، إِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، حَتَّى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مرتا ہے، اس پر اس کا ٹھکانہ صبح و شام پیش کیا جاتا ہے۔ اگر جنتی ہو گیا تو اس کا ٹھکانہ جنت میں ہوگا اگر جہنمی ہے تو اس کا ٹھکانہ جہنم میں ہوگا۔

5805 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے، تم میں سے ہر ایک سے نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

5802- الحديث سبق برقم: **5521,5487** فراجعه .

5803- الحديث سبق برقم: **5599** فراجعه .

5804- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **164** . وأحمد جلد **2** صفحه **16** رقم الحديث: **4658** قال: حدثنا يحيىٰ عن عبيد الله . وفي جلد **2** صفحه **50** رقم الحديث: **5119** قال: حدثنا اسماعيل قال: أخبرنا أيوب .

5805- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **5** رقم الحديث: **4495** قال: حدثنا اسماعيل قال: أخبرنا أيوب . وفي جلد **2** صفحه **54** رقم الحديث: **5167** قال: حدثنا يحيىٰ عن عبيد الله .

عَنْ رَعِيَّتِهِ، أَلَا فَالْأَمِيرُ الَّذِي عَلَى النَّاسِ رَاعٍ عَلَيْهِمْ، وَمَسْئُولٌ عَنْهُمْ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ، وَمَسْئُولٌ عَنْهُمْ، وَامْرَأَةُ الرَّجُلِ رَاعِيَةٌ عَلَى بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهِ، وَمَسْئُولَةٌ عَنْهُمْ، وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلَى مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْهُ، أَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ

خبردار بادشاہ عوام الناس پر نگہبان ہے۔ اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔ آدمی اپنے گھر والوں پر نگہبان ہے اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگہبان ہے اور اس کے بچوں اس کے متعلق اس سے پوچھا جائے گا۔ آدمی کا غلام اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے اور اس کے بچوں سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔ آدمی کا غلام اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا۔ خبردار تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

5806 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ وَهُوَ يَحْلِفُ بِأَبِيهِ وَهُوَ فِي رَكْبٍ يَسِيرُ مَعَهُمْ فَنَادَاهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا، فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ أَوْ لِيَصْمُتْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے باپ کی قسم اُٹھاتے ہوئے سنا اس حال میں کہ آپ ان کے ساتھ سواری میں چل رہے تھے' آپ نے اُنہیں آواز دی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تمہیں اپنے آباء کی قسم اُٹھانے سے منع کرتا ہے' جس کو قسم اُٹھانی ضروری ہے وہ اللہ کی قسم اُٹھائے یا خاموش رہے۔

5807 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَارِقًا، فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چور کا ڈھال چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا تھا اس کی قیمت تین درہم تھی۔

5808 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5806- الحديث سبق برقم: 5642,5511 فراجعه .

5807- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 519 . وأحمد جلد 2 صفحه 6 رقم الحديث: 4503 قال: حدثنا اسماعيل' قال: أخبرنا أيوب . وفي جلد 2 صفحه 54 رقم الحديث: 5157 قال: حدثنا يحيٰى' عن عبيد الله .

5808- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 190 . وأحمد جلد 2 صفحه 63 رقم الحديث: 5303 قال: حدثنا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُولُ: جَعَلَ النَّاسُ عِدْلَهُ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ

حضور ﷺ نے صدقہ فطر ایک صاع کھجور کا دیا تھا یا ایک صاع جدا کا۔ پس حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: لوگوں نے اس کو دو مد (تقریباً سوا کلوگرام) گندم کے برابر بنایا' میں بھی مدین کے صاع کے برابر گندم رہتا ہوں۔

5809 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، وَكَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ فِي بَطْنِ كَفِّهِ، إِذَا لَبِسَهُ فِي يَدِهِ الْيُمْنَى، فَصَنَعَ النَّاسُ خَوَاتِيمَ مِنْ ذَهَبٍ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَنَزَعَهُ وَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ أَلْبَسُ هَذَا الْخَاتَمَ وَأَجْعَلُ فَصَّهُ فِي بَطْنِ كَفِّي فَرَمَى بِهِ وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَلْبَسُهُ أَبَدًا فَنَبَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَاتَمَ، فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيمَهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی اس کا نگینہ اپنی ہتھیلی کی جانب رکھتے تھے۔ جب اس کو دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔ لوگوں نے بھی سونے کی انگوٹھی پہننا شروع کر دی۔ حضور ﷺ منبر پر تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے انگوٹھی اتاری اور فرمایا: میں یہ انگوٹھی پہنتا تھا اس کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رکھتا تھا۔ اس کو آپ ﷺ نے پھینک دیا اور فرمایا: اللہ کی قسم! میں اس کو ہمیشہ کے لیے نہیں پہنوں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے پھینک دی تو صحابہ کرام نے بھی پھینک دیں۔

